Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 18 اپریل 2026ء، 29 شوال المکرم 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 07

ایران تجارتی جہازوں کیلئے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان

تجارتی جہازوں کی آمدورفت بحال، ٹرمپ ایران کے شکرگزار، لبنان میں جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سیز فائر کی مدت کے دوران تجارتی بحری جہازوں کیلئے کھلی رہے گی، عباس عراقچی

ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ایرانی پورٹ اور میری ٹائم آرگنائزیشن کے طے کردہ راستوں سے گزرنا ہوگا، تیل کی قیمتوں میں کمی

وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف یوایم پی اسلامک کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

تہران اور واشنگٹن (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کا اعلان کردیا جس کے بعد تجارتی جہازوں کی آمد و رفت بحال کردی گئی۔ اپنے بیان میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے تمام تجارتی جہازوں کی آمدورفت کو جنگ بندی کی باقی مدت کے لیے مکمل طور پر کھلا قرار دیا گیا ہے۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا کہ لبنان میں جنگ بندی کے بعد آبنائے ہرمز سیز فائر کی مدت کے دوران (بقیہ نمبر 1)

پاکستان نے 1.4 ارب ڈالر کا یوروبانڈ ادا کردیا ہے

سعودی عرب سے نمایاں اضافی مالی معاونت بھی حاصل کی ہے، وزیر خزانہ بیٹیزاور گنگریب

چینی وزیر خزانہ سے ملاقات، اسٹریٹجک شراکت داری اور معاشی تعاون پر تبادلہ خیال

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے دوطرفہ بینکنگ اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر بیجنگ کے وزیر خزانہ لن فو آن سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کے لیے چین کی دیرینہ اور مسلسل حمایت پر شکریہ ادا کیا اور آئی ایم ایف میں چین کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے تعیری کردار کو بھی سراہا۔ سینیٹر (بقیہ نمبر 2)

پاکستانی منچلوں نے سوشل میڈیا پر بے ڈی ویشس کو پاکستانی بنادیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکا ایران مذاکرات کے پہلے مرحلے کیلئے اسلام آباد آنے والے امریکی ٹائپ صدر بے ڈی ویشس اور انکے مرحلے کیلئے امریکی مدد (بقیہ نمبر 7)

دورہ ترکیہ، وزیر اعظم عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز رہے

وزیر اعظم کی اطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع عالمی رہنماؤں سے غیر رسمی ملاقاتیں

اطالیہ (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ترک صدر رجب طیب ایردوان، میرتشرف شیخ تمیم بن حمد آل ثانی قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایف، آذربائیجان کے صدر الہام علیف، شامی صدر احمد الشرع سے ملاقاتیں کیں۔ وزیر اعظم کی (بقیہ نمبر 6)

پاکستان کا پورٹ ٹیکس کورسز مفت کرائیگا، کالج طلبہ کیلئے الیکٹروبس فیسلیٹی کی منظوری

گوگل پنجاب میں ایک لاکھ سے زائد طلبہ کو گوگل سرٹیفکیشن کورسز مفت کرائیگا

تعلیمی میدان میں انقلابی اصلاحات

کورسز کی 400 سے ایک ہزار ڈالر تک فیس نہیں لی جائیگی، پنجاب کے 166 سرکاری کالجز میں نئی اور جدید ترین آئی ٹی لیب بنانے کی منظوری

کالجز ایجوکیشن کی سٹینڈرڈ رائزیشن کا اصولی فیصلہ، سکولوں میں بہتری کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ہدایت، ہونہار سکالرشپ کیلئے تمام اہل طلبہ کو وظیفہ دینے کا حکم

پنجاب کے کالجز میں پہلی مرتبہ پرنسپل، اساتذہ، کالجز اور یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر کی کارکردگی کیلئے ''کے پی آئیز'' مقرر کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کالج طلبہ کیلئے ایکسٹرنس کمیٹیوں کی منظوری دیدی۔ گوگل پنجاب میں ایک لاکھ سے زائد طلبہ کو گوگل سرٹیفکیشن کورسز مفت کرائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت صوبائی اجلاس میں سکول اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے پرائیلیٹس پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سٹینڈرڈ رائزیشن کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلی مرتبہ کالجز ایجوکیشن وزیراعلیٰ مریم نواز (بقیہ نمبر 6)

پنجاب دھرتی رنگ منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ

ضلعی سطح پر کنگھرل کمیٹیاں قائم کی جائیں گی، صوبے میں روایتی میلوں کو فروغ دیا جائے گا، ذرائع

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لئے ''پنجاب دھرتی رنگ'' منصوبہ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ منصوبے کے مطابق آئندہ تین سال میں 3 ارب روپے خرچ کیے جائیں گے جبکہ اس سکیم کو تین سال کے بجٹ میں شامل کیا جائے گا۔ منصوبے کے تحت ضلعی سطح پر کنگھرل کمیٹیاں قائم (بقیہ نمبر 3)

افغانستان میں دہشتگرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی عالمی جریدہ

افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی پڑوسی ممالک بالخصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے واضح خطرہ ہے، ماڈرن ڈپلومیسی

اسلام آباد (این این آئی) افغانستان میں دہشتگرد تنظیمیں پناہ حاصل کی ہوئی ہیں اور سال حاصل کررہی ہیں، معروف عالمی جریدہ نے افغانستان میں فتنہ الخوارج سمیت دیگر دہشتگرد گروہوں کی موجودگی کے متعلق پاکستانی موقف کی تائید کردی۔ پوری جریدہ ماڈرن ڈپلومیسی کے مطابق افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی پڑوسی (بقیہ نمبر 4)

پاکٹیو ملٹری اسٹاف مذاکرات کا 12 واں دور برسلز میں منعقد

ٹیئو کی طرف سے ڈائریکٹر انٹیلیجنٹ ملٹری اسٹاف کوآپریٹو سکیورٹی ڈویژن میجر جنرل ایرے انگوڈر نے قیادت کی

برسلز (این این آئی) پاک ٹیئو ملٹری اسٹاف مذاکرات کے 12 ویں دور کا ٹیئو ہیڈ کوارٹرز برسلز میں انعقاد ہوا۔ پاکستان کی طرف سے ڈائریکٹر انٹیلیجنٹ ملٹری اسٹاف کوآپریٹو سکیورٹی ڈویژن میجر جنرل ایرے انگوڈر نے قیادت کی۔ دونوں طرف سے چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل سید عامر مرشد فریقوں نے جن موضوعات پر بات (بقیہ نمبر 5)

پیر سٹرگو ہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کردیں

پی ٹی آئی چیئرمین نے بانی کی کیلئے کوششیں شروع کردی ہیں۔ ذرائع کے مطابق پیر سٹرگو ہر نے بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے کوششیں شروع کردی ہیں۔ ذرائع انصاف کے چیئرمین پیر سٹرگو ہر نے بشریٰ بی بی

صوبائی وزیر مطلبات ڈیشان رفیق پنجاب چیمبر آف کامرس کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

فیڈرل پبلک سروس کمیشن کا سینکڑوں آسامیوں پر نئی بھرتیوں کا اعلان

آسامیوں کی تقسیم میں صوبائی، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل پبلک کمیشن نے سینٹرل سپیئر سروسز (سی ایس ایس) 2025 کیلئے 17 آسامیوں کا اعلان کردیا جس میں اوپن میرٹ، صوبائی، خواتین اور اقلیتی کوٹہ شامل ہے، مذکورہ تفصیلات پولیس، فارن سروس، آفس مینجمنٹ (بقیہ نمبر 2) 5

تحصیلدار واٹیشل مجسٹریٹ شیخ جنگ چوہدری شفقت محمود کے سبزی وفروٹ بازار کا اچانک دورے

سرکاری نرخوں پر عمل کرنے والے بچے کو شاباش دی

اٹک روڈ، کوہاٹ روڈ اور گرووڈاخ نواح میں سبزیوں پھلوں، موٹر اور کیکرز میں چیکنگ کے دوران اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا

ایسی کارروائیاں شہریوں کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کریں گی، اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری شفقت محمود کی کاوشوں کو سراہا گیا

شیخ جنگ (این ای این) تحصیلدار واٹیشل مجسٹریٹ شیخ جنگ چوہدری شفقت محمود نے گرووڈاخ نواح میں سبزیوں پھلوں موٹر اور کیکرز میں چیکنگ کی (بقیہ نمبر 2) 6

بے ایس ریٹل ریٹ کی پاکستان سٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ کردی گئی

سرمایہ کار ریٹل ریکل کے یونٹ خرید کر منافع حاصل کرسکیں گے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (این این آئی) ایس ای سی پی نے بے ایس ریٹل ریٹ کی پلیک آفر کی منظوری دے دی۔ ایس ای سی پی کے مطابق سرمایہ کار ریٹل ریکل کے یونٹ خرید کر منافع حاصل کرسکیں گے، بے ایس ریٹ پی ایس ایکس پر رواں مالی سال کی 9 ویں لسٹنگ (بقیہ نمبر 2) 7

لاہور: امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق نعیم المدت کا ڈسٹلیشن کے تحت سخی افراد میں روزگار کیلئے چیک تقسیم کررہے ہیں

اسد لوڈ خان اور سیز پاکستنیز فاؤنڈیشن کے ایڈوائزر مقرر

اسلام آباد (این این آئی) اوورسیز پاکستنیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) نے چایان میں تیم ممتاز پاکستانی کمیونٹی رہنما اسد لوڈ خان کو چیئرمین بورڈ آف گورنرز کا ایڈوائزر مقرر کردیا ہے اس حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق اسد لوڈ خان چایان میں تیم پاکستانیوں (بقیہ نمبر 8)

اوگرا کی آئل کمپنیوں کو 38 ارب کے ڈیفرشل کلیمز کی ادائیگی

اسلام آباد (این این آئی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے 38 ارب روپے کے پرائس ڈیفرشل کلیمز کی ادائیگی کردی گئی۔ ترجمان اوگرا کے مطابق 34 آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو 38 ارب (بقیہ نمبر 9)

بھارتی و اسرائیلی کتب و اشیا کی درآمد پر عائد پابندی درست قرار

خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے معاملات مکمل طور پر حکومت کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں، عدلیہ ان معاملات میں مداخلت نہیں کرسکتی

جسٹس علی باقر نجفی نے قرآن پاک کی پہلی وحی ''اقراء'' کا حوالہ دیتے ہوئے علم کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے بھارت اور اسرائیل سے کتب اور دیگر اشیا کی درآمد پر عائد پابندی کو قانونی اور آئینی طور پر درست قرار دیتے ہوئے لاہور ہائیکورٹ کے تمام احکامات کالعدم قرار دے دیئے۔ عدالت کا فیصلہ جسٹس عامر ہانی نے اکثریتی رائے سے جاری کیا جس میں قرار دیا گیا کہ خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے معاملات مکمل طور پر حکومت کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں اور عدالت کو ان معاملات میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے۔ فیصلہ میں کہا گیا کہ حکومت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کن (بقیہ نمبر 3)

بشریٰ بی بی سے بیٹیوں، بہن کی جیل میں ملاقات کروادی گئی

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹیوں اور بہن کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کروادی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی سے جیل کی ملاقات ایک گھنٹہ سے زائد وقت (بقیہ نمبر 10)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نہ رک سکی، شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ ہوگیا

کراچی 10 گھنٹے بجلی غائب جبکہ اسلام آباد بھی 6، 6 گھنٹے بجلی سے محروم

راولپنڈی / کراچی / لاہور (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جمعہ کو بھی جاری رہا، شارٹ فال 4 ہزار میگاواٹ ہوگیا۔ کراچی کے متعدد علاقوں میں 10، 10 گھنٹے بجلی غائب رہے گی، اسلام آباد بھی 6، 6 گھنٹے بجلی سے محروم رہتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لاہور کے مختلف علاقوں میں 5 سے 6 گھنٹے تک بجلی غائب ہو جاتی ہے جبکہ میگاواٹ کے شہری علاقوں میں 6 گھنٹے اور نواحی علاقوں میں (بقیہ نمبر 9)

لاہور ہائیکورٹ کا مفت بجلی یونٹس کیس کا فیصلہ، حکومتی پالیسی قرار

بی پی ایس 17 سے اوپر افسران کیلئے یونٹس کی موجودہ پالیسی درست قرار، درخواست خارج کردی گئی

عدالت نے آئین کے آرٹیکل 4، 9 اور 25 کی خلاف ورزی کے الزامات بھی مسترد کردیئے

لاہور (این این آئی) ہائیکورٹ نے بجلی یونٹس کیس کا فیصلہ سنا دیا۔ ہائیکورٹ نے کہا ہے کہ مشکلات اور پریشانیوں میں گھرے افراد کے لیے آسانیاں پیدا کرنا بہت بڑی عبادت ہے، نوجوان خون شہریوں کا عطیہ ہے کرکٹ میچ میں جتنا بچوں کی جان بچانے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، سٹریٹ فاؤنڈیشن جیسے فلاحی ادارے جو انسانیت (بقیہ نمبر 4)

پسند کی شادی پر میاں بیوی سمیت 3 افراد قتل، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) تلہ گنگ کے علاقے میں پسند کی شادی پر میاں بیوی سمیت 3 افراد کے قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ مقتول شہباز علی نے پہلے مجھے ماہ کری محبت میں درج ایف آئی آر میں مدعی کے موقف اپنا کے والدہ کو عزیز اللہ سے دوسری شادی کی، بھائی (بقیہ نمبر 3)

خون کا عطیہ کرنا کسی عبادت سے کم نہیں' گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ مشکلات اور پریشانیوں میں گھرے افراد کے لیے آسانیاں پیدا کرنا بہت بڑی عبادت ہے، نوجوان خون شہریوں کا عطیہ دے کر کینسر جیسی موذی بیماری کا شکار بچوں کی جان بچانے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، سٹریٹ فاؤنڈیشن جیسے فلاحی ادارے جو انسانیت (بقیہ نمبر 4)

سربراہ برطانوی ہائی کمیشن لاہور آفس کا بادشاہی مسجد کا دورہ

یہ گیلری تعلیم اور تحفظ کا ایک بہترین امتزاج ہے، بین وارنٹن

لاہور (این این آئی) پاکستان کے ثقافتی و مذہبی ورثے کی بقا و تحفظ کے لیے کوششوں کے تحت کیلئے اقدامات قابل تحسین ہیں، یہ بات برطانوی ہائی کمیشن لاہور آفس کے سربراہ بین وارنٹن نے تاریخی بادشاہی مسجد کے دورے کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ ایسے اقدامات عالمی سطح پر باہمی الہام (بقیہ نمبر 9)

لوڈشیڈنگ میں کمی، پیرا کی کاروائیاں بند کی جائیں' صدر لاہور چیمبر

کاروباری برادری کو غیر ضروری ہراسانی کا سامنا ہے، فہیم الرحمٰن سہگل کی پولیس کانفرنس

لاہور (این این آئی) صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو غیر ضروری ہراسانی کا سامنا ہے اور بجا اختیارات کے سمیت غلط استعمال پر فوری تفریحی کی جائے، بجلی بچانے کے نام پر تاجروں کا (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان سے ترکی کے سفیر اکٹر عرفان نیزر واظہار ملاقات کررہے ہیں

جامعہ اشرفیہ لاہور میں حج تربیتی پروگرام کل منعقد ہوگا

سرکاری اور پرائیویٹ طور پر حج پر جانے والے عازمین حج شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) جامعہ اشرفیہ لاہور میں مفتی مولانا قاری ارشد سعیدی کی زیر سرپرستی حج تربیتی پروگرام کل 19 اپریل بروز اتوار صبح دس بجے سے سہ پہر چار بجے تک منعقد ہوگا، پروگرام میں سرکاری اور پرائیویٹ طور پر حج جانے والے عازمین حج شرکت (بقیہ نمبر 2)

ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دو اہلکاروں کو مبینہ رشوت ستانی کے الزام میں معطل

حکومت بلوچستان نے واقعے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کا حکم دے دیا

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دو اہلکاروں کو مبینہ رشوت ستانی کے الزام میں معطل کردیا کرتے ہوئے واقعے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کا اعلان کیا ہے۔ سیکرٹری ایکسائز ٹیکسیشن و انسداد نشیات سید ظفر علی (بقیہ نمبر 2)

وزیر داخلہ کی ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے ملاقات

ایران پاکستان کا مخلصانہ اور مثبت کردار ہمیشہ یاد رکھے گا، سکندر مومنی

تہران (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایرانی ہم منصب سکندر مومنی سے ملاقات کی جس میں ملکی کے تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی جائزہ خیال کیا گیا۔ ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی نے جنگ بندی اور صلاحتی کردار پر پاکستان کی تارخ ساز (بقیہ نمبر 2)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر جمہوریہ کے مالی دن کے موقع پر بلڈ ڈونیشن میں بچوں میں شہادت تقسیم کررہے ہیں

پاور سیکٹر کے ملازمین کیلئے فری یونٹس کی سہولت ختم

پاور ڈویژن کا ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم، فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا

ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لئے ہو،، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن نے پاور سیکٹر ملازمین کے فری یونٹ ختم ہونے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے اپنے بیان میں کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے ملازمین کے فری یونٹس ختم ہوگئے ہیں ہمیز عدالت نے پاور ڈویژن کی مرضی کو قبول فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ اویس لغاری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس معاملے کو پورا کرنے کا اعزاز ہمیں (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی پولیس کی نشیات کے خلاف کارروائیاں، زیر حراست افراد سے برآمد شدہ والی چرس

وزیر اعظم سے ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان کی ملاقات

خطے کی صورت حال پر گفتگو

صدر رجب طیب ایردوان اطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر وزیر اعظم سے ملاقات کے منتظر ہیں، ترک وزیر خارجہ

اطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت اور صدر رہیجے اطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر ملاقات باعث مسرت ہے، شہباز شریف

اطالیہ (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف سے جمہوریہ ترکیہ کے وزیر خارجہ حاقان فیدان نے اطالیہ میں ملاقات کی جس میں خطے کی صورتحال سمیت مختلف امور زیر غور آئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر جمعہ کو جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم اپنے سرکاری دورہ ترکیہ کیلئے اطالیہ پہنچے ہیں۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور معاون خصوصی سید طارق فاطمی بھی ملاقات میں موجود تھے۔ گفتگو کے (بقیہ نمبر 7)

لاہور: چیئرمین پنجاب یونیو اتھارٹی مظہر اقبال پسرار یونیو اجاف بارے کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جانوروں پر تشدد کی روک تھام کیلئے کمیٹی قائم، سفارشات طلب

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے جانوروں پر تشدد کی روک تھام کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی قائم کردی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر وزارت ماحولیاتی تبدیلی نے کمیٹی کے قیام کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ کمیٹی کی سربراہی وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کریں گے جبکہ اس میں وزیر مملکت برائے داخلہ، ماحولیاتی کارکنان (بقیہ نمبر 8)

سرکاری ملازمین کیلئے فری یونٹس کی سہولت ختم

پاور ڈویژن کا ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم، فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا

ہر وہ قدم اٹھائیں گے جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لئے ہو،، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن نے پاور سیکٹر ملازمین کے فری یونٹ ختم ہونے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے اپنے بیان میں کہا کہ ملکی تاریخ میں پہلی بار وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاور سیکٹر کے ملازمین کے فری یونٹس ختم ہوگئے ہیں ہمیز عدالت نے پاور ڈویژن کی مرضی کو قبول فرمایا۔ انہوں نے کہا کہ فری یونٹس کا خاتمہ عوام کا سب سے پرانا اور دیرینہ مطالبہ تھا۔ اویس لغاری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس معاملے کو پورا کرنے کا اعزاز ہمیں (بقیہ نمبر 5)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

تیل و گیس کے نئے ذخائر

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کے نشپا بلاک میں واقع براگزئی ایکس 1- کنویں سے تیل و گیس کے ایک بڑے ذخیرے کی دریافت کا اعلان کیا ہے' جسے ملکی تاریخ کی سب سے بڑی دریافت قرار دیا جا رہا ہے۔ او جی ڈی سی ایل کے مطابق اس کنویں سے ابتدائی طور پر یومیہ تقریباً 15 ہزار بیرل تیل اور 45 ملین مکعب فٹ گیس حاصل ہو رہی ہے جبکہ 2028ء تک اس پیداوار کو بڑھا کر 25 ہزار بیرل یومیہ تیل اور 60 ملین مکعب فٹ گیس تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ معاشی اعتبار سے بھی یہ دریافت غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ اندازوں کے مطابق اس کنویں سے سالانہ تقریباً 57 ارب روپے کی آمدن متوقع ہے جبکہ درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہونے سے سالانہ تقریباً 329 ملین ڈالر کے زرمبادلہ کی بچت ممکن ہو سکے گی۔

حقیقت یہ ہے کہ پاکستان جغرافیائی لحاظ سے ایک ایسے خطے میں واقع ہے جہاں تیل' گیس اور دیگر معدنی وسائل کی کمی نہیں تاہم ان وسائل کی تلاش اور مؤثر استعمال پر وہ توجہ نہیں دی جا رہی جس کی ضرورت ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ملک بھر میں تیل و گیس کی تلاش کے عمل کو تیز کرے۔ اگر حکومت سنجیدگی سے اس سمت میں اقدامات کرے تو نہ صرف درآمدی ایندھن پر انحصار کم کیا جا سکتا ہے بلکہ عوام کو سستی توانائی کی فراہمی بھی ممکن بنائی جا سکتی ہے۔

محرومیوں کا قبرستان یا ریاستی بے حسی کا عذاب

تحریر از خود -- خاور شہزاد

ضلع چکوال اور ضلع جہلم کی سرحدی پٹی پر واقع تحصیل چوآ سیدن شاہ کا علاقہ جھنگڑ اور اس میں آباد گاؤں سڈھانڈی بظاہر ایک سرسبز وادی کا منظر پیش کرتا ہے مگر ذرا قریب جا کر دیکھا جائے تو یہ خوبصورتی دراصل محرومیوں کے ملبے تلے دبی ایک تلخ حقیقت کو چھپانے کی ناکام کوشش محسوس ہوتی ہے راقم نے خود اس گاؤں کا دورہ کیا اس کی ٹوٹی سڑکوں پر سفر کیا لوگوں کی آنکھوں میں بے بسی دیکھی اور وہ سرکاری کاغذات بھی دیکھے جن میں پیر پتھک تا سڈھانڈی روڈ کی منظوری باقاعدہ ٹینڈر نوٹیفکیشن اور ماڈل ویلج منصوبے کے تحت واٹر فلٹریشن پلانٹ کی منظوری درج تھی مگر سوال یہ ہے کہ ان منظوریوں کا انجام کیا ہوا جواب اتنا ہی تلخ ہے جتنا یہاں کے مکینوں کا مقدر یہ تمام منصوبے بظاہر انتظامی تاخیر ترجیحات کے بگاڑ اور باہمی کھینچا تانی کا شکار ہو کر عملی شکل اختیار نہ کر سکے اور کاغذی ترقی کے یہ خواب زمین پر اترنے سے پہلے ہی دفن ہو گئے پانچ ہزار نفوس پر مشتمل یہ بستی آج بھی صاف پانی بنیادی صحت کی سہولت اور قابل استعمال سڑک جیسی بنیادی ضروریات سے محروم ہے یہاں بیمار ہونا کسی آزمائش سے کم نہیں کیونکہ قریبی آر ایچ سی بشارت بائیس کلومیٹر دور ہے اور وہاں تک پہنچنے کے لیے سات کلومیٹر طویل ایسا راستہ عبور کرنا پڑتا ہے جو سڑک کم اور اذیت کا امتحان زیادہ محسوس ہوتا ہے گویا مریض کی زندگی کا دارومدار ہسپتال سے زیادہ راستے کی حالت پر ہے چند سال قبل بنائی گئی سرکاری ڈسپنسری بھی محض ایک نمائشی ڈھانچہ بن کر رہ گئی جسے تین ماہ قبل اکلوتے ڈسپنسر کے تبادلے کے بعد عملاً غیر فعال چھوڑ دیا گیا اور تا حال وہاں متبادل عملہ تعینات نہ ہو سکا یہ صورتحال محض ایک انتظامی کوتاہی نہیں بلکہ ایسے طرز حکمرانی کی نشاندہی کرتی ہے جہاں ترقی کا معیار اکثر اوقات اعلانات تک محدود رہ جاتا ہے جبکہ زمینی حقائق اس کے برعکس کہانی سناتے ہیں سڈھانڈی جیسے گاؤں اس تضاد کی واضح مثال بن چکے ہیں حیرت اس بات پر نہیں کہ یہاں سہولیات موجود نہیں بلکہ اس پر ہے کہ مسلسل وعدوں منظوریوں اور نوٹیفکیشنز کے باوجود عملی پیش رفت دکھائی نہیں دیتی گویا فائلوں میں ترقی مکمل ہو چکی ہے مگر زمین پر زندگی اب بھی پسماندگی کی گرفت میں ہے اعلیٰ شرح خواندگی رکھنے والا یہ گاؤں آج اس سوال کے ساتھ کھڑا ہے کہ کیا تعلیم بھی بنیادی سہولیات کی ضمانت نہیں بن سکی یا پھر ریاستی ترجیحات میں دیہی آبادی اب بھی ثانوی حیثیت رکھتی ہے اہل علاقہ کے مطابق حالات اس نہج تک پہنچ چکے ہیں کہ کئی خاندان نقل مکانی پر غور کر رہے ہیں جو اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ یہاں صرف سہولیات کا فقدان نہیں بلکہ جینے کے مواقع بھی محدود ہوتے جا رہے ہیں اگر یہی صورتحال کسی بڑے شہری علاقے میں پیدا ہوتی تو شاید ردعمل بھی مختلف ہوتا اور پیش رفت بھی تیز ہوتی مگر دیہی علاقوں میں مسائل اکثر اسی رفتار سے چلتے ہیں جس رفتار سے فائلیں میزوں کے درمیان سفر کرتی ہیں سڈھانڈی کے ایک نوجوان کا یہ سوال کہ کیا ہم اس ملک کے برابر کے شہری نہیں دراصل ایک اجتماعی احساس کی ترجمانی ہے جسے نظرانداز کرنا آسان ضرور ہے مگر مناسب نہیں راقم یہ بات ذمہ داری سے عرض کرتا ہے کہ سڈھانڈی کے مسائل وسائل کی مکمل عدم دستیابی سے زیادہ ترجیحات کے عدم توازن اور مؤثر عملدرآمد کی کمی سے جڑے ہوئے محسوس ہوتے ہیں وہ نمائندے جو انتخابی ادوار میں عوام سے قریبی رابطہ رکھتے ہیں ان سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ بعد ازاں بھی اسی تسلسل کو برقرار رکھیں گے تاہم مقامی سطح پر پیش رفت کی رفتار اس توقع سے ہم آہنگ دکھائی نہیں دیتی ایک ڈسپنسر کی تعیناتی ایک سڑک کی تکمیل اور ایک فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب جیسے بنیادی اقدامات اگر طویل عرصہ زیر التوا رہیں تو سوالات کا اٹھنا فطری امر ہے یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ جب ترجیحات واضح ہوں اور نگرانی مؤثر ہو تو ایسے مسائل پیچیدہ نہیں رہتے راقم کے مشاہدے کے مطابق یہاں کے لوگ اپنے حقوق سے آگاہ ہیں اور باوقار انداز میں ان کا مطالبہ کر رہے ہیں مگر ان کی آواز کو وہ توجہ نہیں مل پا رہی جس کی وہ مستحق ہے یہ صورتحال کسی ایک گاؤں تک محدود نہیں بلکہ ایک وسیع تر انتظامی رویے کی عکاسی کرتی ہے جہاں پالیسی سازی اور اس پر عملدرآمد کے درمیان واضح خلا دکھائی دیتا ہے اگر ریاست واقعی متوازن ترقی کی خواہاں ہے تو اسے سڈھانڈی جیسے علاقوں کو اپنی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگا کیونکہ ترقی کا حقیقی پیمانہ وہی علاقے ہوتے ہیں جو سب سے زیادہ نظرانداز ہوئے ہوں اب بھی وقت ہے کہ متعلقہ حکام محض اعلانات تک محدود رہنے کے بجائے عملی اقدامات کو یقینی بنائیں پیر پتھک تا سڈھانڈی روڈ پر پیش رفت کو شفاف اور تیز کیا جائے ڈسپنسری کو فعال کر کے مستقل طبی عملہ تعینات کیا جائے واٹر فلٹریشن پلانٹ کو مکمل کر کے عوام کے لیے قابل استعمال بنایا جائے اور گاؤں کو بنیادی سہولیات فراہم کی جائیں کیونکہ اگر یہ اقدامات بروقت نہ کیے گئے تو سڈھانڈی کی محرومیاں ایک مستقل مسئلہ بن کر ابھریں گی راقم یہ سمجھتا ہے کہ عوام اب محض وعدوں سے آگے بڑھ کر نتائج کے منتظر ہیں اور اگر ان کے بنیادی مسائل حل نہ ہوئے تو یہ خاموشی سوال میں بدل سکتی ہے ایسا سوال جس کا جواب دینا آسان نہیں ہوگا کیونکہ سڈھانڈی کے لوگ کسی رعایت کے طلبگار نہیں بلکہ اپنے بنیادی حقوق کی فراہمی چاہتے ہیں اور یہ فراہمی ریاست کی ذمہ داری ہے نہ کہ کوئی اضافی احسان

ٹرمپ پاکستان آ رہے ہیں؟

عمران یعقوب خان

خبر یہ ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نہ صرف ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے تیار ہیں بلکہ اس مقصد کے لیے پاکستان آنے پر بھی آمادہ ہو سکتے ہیں۔ یہ مذاکرات ایک بار پھر پاکستان میں ہوں گے اور اگلے ایک دو دن میں شروع ہو سکتے ہیں۔ ایسے موقع پر ذہن میں پہلا سوال یہی آتا ہے کہ آیا یہ مرحلہ نتیجہ خیز ثابت ہوگا؟ میری پیش گوئی یہ ہے کہ اگر ایران اور امریکہ مذاکرات کے پہلے مرحلے میں معاہدے کے خاصے قریب پہنچ چکے تھے تو عین ممکن ہے کہ اس بار معاہدہ طے پا جائے۔ معاملہ پھر وہی ہے کہ ایران کو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ اس کے سارے مطالبات امریکہ تسلیم کر لے گا نہ ہی امریکہ کو اس خام خیالی میں رہنا چاہیے۔ ایک میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکہ کے حد سے زیادہ مطالبات کی وجہ سے تہران نے سرنڈر کرنے سے انکار کر دیا تھا اور گزشتہ ہفتے ہونے والے مذاکرات کی ناکامی کی یہی سب سے بڑی وجہ تھی' بصورت دیگر مذاکرات کا وہ مرحلہ بھی کامیاب ہو سکتا تھا۔ اسی تناظر میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ مذاکرات کے لیے تیار ہیں لیکن سرنڈر کرنے پر مجبور کرنے کی کوشش ناکام ہوگی۔ ممکن ہے ایران اپنے ایٹمی پروگرام پر کچھ عرصہ کے لیے سمجھوتا کر لے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے یورینیم کی افزودگی پانچ سال تک معطل کرنے کی تجویز پیش کی تھی لیکن امریکہ نے ایران کی یہ پیشکش مسترد کر دی تھی۔ غیر ملکی اخبار لکھتا ہے کہ امریکہ ایران کو یورینیم کی افزودگی 20 سال تک معطل کرنے پر اصرار کر رہا ہے۔ یہ امکان بھی ہے کہ ایران آبنائے ہرمز کو عالمی تجارت کے لیے غیر مشروط طور پر کھول دے۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ ایران اپنے جنگی نقصانات کے ازالے کا تقاضا واپس لے لے لیکن دو تین چیزیں ایسی ہیں جن پر ایران کے لیے کمپرومائز کرنا شاید ممکن نہ ہو۔ ان میں سب سے پہلا معاملہ ہے لبنان پر اسرائیلی حملوں کا روکا جانا ہے۔ اس حوالے سے بات چیت ہو تو رہی ہے لیکن نیتن یاہو کی وجہ سے اس بات چیت کی کامیابی کے امکانات کم نظر آتے ہیں۔ دوسرا ایران اپنے بیلسٹک میزائل پروگرام پر کوئی سمجھوتا کرنے کے لیے تیار نہیں ہوگا کیونکہ حالیہ جنگ میں یہی میزائل ایران کے لیے سب سے بڑا اثاثہ ثابت ہوئے ہیں۔ ایران کے لیے یہ ممکن نہیں ہوگا کہ وہ اپنے ہاتھ کاٹ کے امریکہ کے حوالے کر دے اور اس کے بعد اسرائیل پورے مشرق وسطیٰ میں دندناتا پھرے۔

یہ حقیقت ہے کہ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے والے فریق اپنی ساری شرطیں منوا کر نہیں اٹھتے بلکہ ان میں سے کچھ ہی فریق مخالف کے لیے قابل قبول ہوتی ہیں اور انہی پر اتفاق رائے کرنا پڑتا ہے یعنی فریقین کی شرائط بڑی لیکن مارجن محدود ہوتا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جب معاملات بے حد پیچیدہ ہوں اور فریقین کے تقاضے ضرورت سے زیادہ بڑے ہوں تو پھر ایک نشست میں یا دو دنوں کے مذاکرات میں مسائل کا حل نکلنا مشکل ہوتا ہے۔ اچھی بات یہ ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس مذاکرات کے سلسلے کو مکمل طور پر ختم کر کے یہاں سے نہیں گئے بلکہ انہوں نے یہ کہا کہ ہم ایک بہت سادہ تجویز چھوڑ کر جا رہے ہیں جو ہماری حتمی اور بہترین آفر ہے' ہم دیکھتے ہیں کہ آیا ایران اسے مانتا ہے یا نہیں۔ ان کے اس ایک جملے سے یہ تاثر ملتا ہے کہ امریکہ کی جانب سے ایران کو پیشکش کی گئی ہے اور اب اس پر جواب کا انتظار کیا جائے گا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے مذاکرات کے دوسرے مرحلے پر آمادگی نے اس موہوم امید کو ٹھوس یقین میں بدل دیا ہے۔

اقوام متحدہ کا ادارہ دنیا سے Might is right کے جنگلی قانون کو ختم کرنے کے لیے بنایا گیا تھا لیکن 80 برسوں میں جنگل کے اس قانون کو تبدیل نہیں کیا جا سکا۔ اس کی ایک وجہ تو پانچ ممالک کو حاصل ویٹو کا اختیار ہے۔ اس اختیار کا مطلب اس کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا کہ یہی پانچ اقوام یا ممالک دنیا کی تقدیر کا فیصلہ کریں گے اور اگر انہیں کوئی بات یا کوئی قانون پسند نہیں آتا تو وہ بیک جنبش قلم اس کو مسترد کر سکتے ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دنیا کو مائٹ از رائٹ کی ایک نئی شکل دکھائی ہے۔ عالمی قوانین کو نہ ماننا' اقوام متحدہ کی کوئی حیثیت نہ دینا' عالمی عدالت کے فیصلے تسلیم نہ کرنا' نیٹو کو ختم کرنے کی باتیں' گرین لینڈ پر قبضے کی خواہش' کینیڈا کو امریکہ کا حصہ بنانے کی باتیں اور وینزویلا پر حملہ' ایسا طرز عمل اس سے پہلے شاید ہٹلر کے زمانے میں مشاہدے میں آیا تھا اور اس کے بعد اب۔ کیا ایسے طرز عمل کے بعد عالمی امن کے برقرار رہنے کی امید کی جا سکتی ہے؟

واپس مذاکرات کی طرف آتے ہیں۔ سینئر صحافی حامد میر نے انکشاف کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش ہے کہ وہ ایران کے ساتھ مذاکرات کے لیے پاکستان آئیں لیکن انہوں نے اسلام آباد آنے کے لیے ایک شرط بھی رکھی ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جو بات چیت چل رہی ہے اس میں بہت سے بین الاقوامی معاہدے بھی شامل ہیں اور بین الاقوامی ماہرین ان معاہدوں کو سامنے رکھ کر معاہدوں کا ڈرافٹ تیار کرتے ہیں' اور ایسے بہت سے ماہرین امریکہ' ایران اور دیگر سٹیک ہولڈرز کی طرف سے پاکستان میں موجود ہیں۔ حامد میر صاحب کے اس بیان کی روشنی میں کیا یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ ایران اور امریکہ اس بار ایک جامع معاہدے پر پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گے؟ جیسا کہ پہلے عرض کیا' مجھے اس کی امید ہے۔ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کا یہ بیان میرے اور حامد میر کے تجزیے کی توثیق کرتا نظر آتا ہے کہ ٹرمپ چاہتے ہیں ایران سے چھوٹی نہیں جامع ڈیل ہو۔

یہ حقیقت ہے کہ ایران کی جنگ نے جنگوں کو نئے معنی دیے ہیں۔ اب کوئی بھی ملک کسی دوسرے ملک پر حملے سے قبل شاید سو بار سوچے گا۔ لیکن کیا اب دنیا سے جنگوں کا مکمل خاتمہ ممکن ہو سکے گا؟ میرا خیال ہے کہ نہیں' جب تک مساوات پر مبنی عالمی فیصلے نہیں ہوں گے اور جب تک 'میں نہ مانوں' والا رویہ تبدیل نہیں ہوگا' جنگوں کے خدشات باقی رہیں گے۔ مذاکرات کے دوسرے مرحلے میں ہونے والی بات چیت کے نتیجے میں اللہ کرے کہ معاہدہ ہو جائے تاکہ جنگ کی وجہ سے عالمی برادری کو جن خطرات اور خدشات کا سامنا ہے' وہ دور ہو جائیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ سوچنے کی ضرورت پہلے کی نسبت بڑھ چکی ہے کہ کبھی دنیا کو پائیدار امن والی جگہ بنایا جا سکے گا؟ یہاں مساوات قائم ہو سکے گی؟ یہاں میرٹ پر فیصلے ہو سکیں گے؟

گزشتہ روز صدر ٹرمپ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے۔ ایسا ہو جائے تو بہت اچھی بات ہوگی' لیکن میرے خیال میں اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ ایران اور امریکہ مذاکرات کے دوسرے مرحلے میں کتنی لچک کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

گھٹنوں کو مضبوط رکھنا ہے؟ روزمرہ عادات بدلیں، عمر بھر فائدہ اٹھائیں

گھٹنوں کا درد اب صرف بڑھاپے تک محدود نہیں رہا بلکہ نوجوانوں میں بھی تیزی سے عام ہو رہا ہے، جس کی بڑی وجوہات میں غیر متحرک طرز زندگی، بڑھتا ہوا وزن اور کھیلوں یا روزمرہ سرگرمیوں کے دوران لگنے والی چوٹیں شامل ہیں۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ چونکہ گھٹنے ہمارے روزمرہ کے تقریباً ہر کام میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کی حفاظت کو نظرانداز کرنا مستقبل میں مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔

چلنے پھرنے سے لے کر سیڑھیاں چڑھنے اور ورزش کرنے تک، گھٹنوں پر مسلسل دباؤ پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر ان کا خیال نہ رکھا جائے تو معمولی تکلیف بھی وقت کے ساتھ سنگین مسئلے میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ تاہم ماہرین کے مطابق چند سادہ اور مستقل عادات اپنانے سے گھٹنوں کو طویل عرصے تک صحت مند رکھا جا سکتا ہے۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ سب سے اہم بات وزن کو قابو میں رکھنا ہے، کیونکہ اضافی وزن گھٹنوں پر غیر معمولی دباؤ ڈالتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق صرف ایک کلو اضافی وزن بھی گھٹنوں پر کئی گنا زیادہ بوجھ ڈال سکتا ہے، جس سے جوڑ تیزی سے متاثر ہوتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ گھٹنوں کے اردگرد موجود پٹھوں کو مضبوط بنانا بھی نہایت ضروری ہے۔ باقاعدہ ورزش جیسے اسکواٹس، ٹانگوں کو اوپر اٹھانے کی مشق اور سائیکلنگ نہ صرف گھٹنوں کو سہارا دیتی ہیں بلکہ چوٹ کے خطرے کو بھی کم کرتی ہیں۔

SPORTS سپورٹس

ایران فٹبال ورلڈکپ میں شرکت کرے گا، صدر فیفا کی تصدیق

ایران 2026 کے ورلڈکپ میں یقینی طور پر شرکت کر رہا ہے، صدر جیانی کی گفتگو

زیورخ (این این آئی) فیفا کے صدر جیانی انفانٹینو نے فیفا ورلڈکپ 2026 میں ایران کی شرکت کی تصدیق کر دی۔ انفانٹینو نے نشریاتی ادارے کی جانب سے منعقدہ ایک اقتصادی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے باوجود ایران 2026 کے ورلڈکپ میں یقینی طور پر شرکت کر رہا ہے ہم امید کرتے ہیں کہ اس وقت تک صورتِ حال پرامن ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو آنا ہے، وہ اپنے عوام کی نمائندگی کرتے ہیں، وہ کوالیفائی کر چکے ہیں اور کھلاڑی کھیلنا چاہتے ہیں۔ انفانٹینو اس سے قبل مارچ میں بھی اسی نوعیت کے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں، جب انہوں نے ترکی کے شہر انطالیہ میں ایران اور کوسٹاریکا کے درمیان دوستانہ میچ میں شرکت کی تھی۔ شیڈول کے مطابق ایران اپنے گروپ جی کے تینوں میچز امریکا میں کھیلے گا، 2 لاس اینجلس میں اور 1 سیاٹل میں جبکہ ٹورنامنٹ کے دوران ٹیم کا بیس ٹکسن، ایریزونا میں ہوگا۔

نارووال: کرتارپور میں بیساکھی میلے کے دوران کھلاڑی کبڈی کھیل رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

بھارت ممنوعہ ادویات کے واڈا قوانین کی خلاف ورزی میں سرِفہرست قرار

بھارت میں کارکردگی بڑھانے والی ادویات اور اسٹیرائیڈز با آسانی دستیاب ہیں، واڈا

نئی دہلی (این این آئی) ورلڈ اینٹی ڈوپنگ ایجنسی (واڈا) کی تازہ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ دنیا کے بڑے ممالک میں بھارت ڈوپنگ قوانین کی خلاف ورزی میں سرِفہرست ہے۔ واڈا کے صدر ویٹولڈ بانکا کے مطابق بھارت میں کارکردگی بڑھانے والی ادویات اور اسٹیرائیڈز با آسانی دستیاب ہیں۔ انہوں نے اس صورت حال کو نا صرف کھیلوں کی ساکھ بلکہ بھارت کے عالمی کھیلوں کے عزائم کے لیے بھی ریڈ فلیگ قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ بھارت 2030 کے کامن ویلتھ گیمز اور 2036 کے اولمپکس کی میزبانی کا خواہاں ہے۔ ویٹولڈ بانکا نے بتایا کہ بھارت میں متعلقہ حکام اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملاقاتیں مثبت رہی ہیں۔ انہوں نے ڈوپنگ نیٹ ورکس کے خلاف سخت کریک ڈاؤن اور ٹیسٹنگ کے عمل کو مزید بڑھانے پر زور دیا ہے۔ واڈا کے صدر ویٹولڈ بانکا نے بتایا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز سے ڈوپنگ نیٹ ورک پر کریک ڈاؤن کا کہا ہے، چاہوں گا کہ زیادہ سے زیادہ ٹیسٹنگ ہوں۔

فہیم اشرف ہوں، میں عبدالرزاق یا اظہر محمود نہیں بن سکتا

سمیر ایسا کھلاڑی ہے جو پاکستان جو لمبا سرو کر سکتا ہے، فہیم اشرف



کراچی (این این آئی) اسلام آباد یونائیٹڈ کے آل راؤنڈر فہیم اشرف نے کہا ہے کہ میں خود کو عبد الرزاق یا اظہر محمود کے قریب سمجھتا ہوں نہ دور، میں فہیم اشرف ہوں، میں عبدالرزاق یا اظہر محمود نہیں بن سکتا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فہیم اشرف نے کہا کہ جو آج تنقید کرتے ہیں وہ بھی ماضی میں ایسے ہی تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کرکٹ کو سپورٹ کریں تاکہ آنے والے بچے کرکٹ کا سوچیں۔ ہمیں آپس میں ایک دوسرے سے نفرتیں کم کرنا ہوں گی، دوستی یاری سے بالا ہو کر سوچنا ہوگا۔ فہیم اشرف نے کہا کہ سمیر منہاس نے آج شاندار بیٹنگ کی، سمیر ایسا کھلاڑی ہے جو پاکستان جو لمبا سرو کر سکتا ہے۔ سمیر منہاس ایک سمجھدار کھلاڑی ہے۔

قومی سائیکلسٹ ثنالیہ خان 28 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں

قومی سطح کی سائیکلسٹ اور روئنگ کی کھلاڑی گردوں کے عارضے میں مبتلا تھیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی سائیکلسٹ ثنالیہ خان 28 برس کی عمر میں انتقال کر گئیں۔ صدر پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن سید اظہر علی شاہ کے مطابق قومی سطح کی سائیکلسٹ اور روئنگ کی کھلاڑی گردوں کے عارضے میں مبتلا تھیں۔ سرجری کے بعد وہ صحت یاب نہیں ہو سکی تھیں اور ان کی حالت مزید بگڑ گئی تھی۔ سید اظہر علی شاہ کے مطابق پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کے تمام اراکین کو دلی افسوس ہوا اور مرحومہ کے فیملی سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔

نارووال: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کرتارپور میں کبڈی میچ جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

عمر گل کو بولنگ اور اسد شفیق کو بیٹنگ کوچ کی ذمہ داریاں ملنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیسٹ ٹیم کے دورہ بنگلا دیش کیلئے سابق ٹیسٹ کرکٹرز عمر گل اور اسد شفیق کے پاکستان ٹیم مینجمنٹ میں شامل ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان نے آخری ٹیسٹ سیریز گزشتہ برس جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلی تھی تاہم اس سیریز کی ٹیم مینجمنٹ میں متعدد تبدیلیوں کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق عمر گل کو بولنگ کوچ اور اسد شفیق کو بیٹنگ کوچ کی ذمہ داریاں ملنے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ ذرائع کے مطابق عبدالسعد کو فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داریاں سونپی جا سکتی ہیں۔ وہ ویمن کرکٹ ٹیم کے فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔ وہ پہلی مرتبہ پاکستان مینز ٹیم کے ساتھ منسلک ہوں گے۔ سابق کپتان سرفراز احمد ہیڈ کوچ ریڈ بال کرکٹ کے طور پر ذمہ داریوں کا آغاز کریں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان نے آئندہ ماہ 2 ٹیسٹ میچز کی سیریز کے لیے بنگلا دیش کا دورہ کرنا ہے۔

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی
تحصیلدار و رواشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

SHOWBIZ شوبز

کیٹی پیری پر ہراسانی کے سنگین الزامات، پولیس کی تحقیقات

کیٹی پیری نے میلبورن کے نائٹ کلب میں ان کے ساتھ نامناسب حرکات کیں

سڈنی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ گلوکارہ کیٹی پیری ایک نئے تنازعے کی زد میں آ گئی ہیں، جہاں آسٹریلوی اداکارہ روبی روز کے سنگین الزامات کے بعد پولیس نے باقاعدہ تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق روبی روز نے حالیہ دنوں سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر متعدد پوسٹس میں دعویٰ کیا کہ کئی سال قبل میلبورن کے ایک نائٹ کلب میں ان کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کیا گیا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ انہوں نے اس واقعے کو طویل عرصے تک چھپائے رکھا، تاہم اب تقریباً دو دہائیوں بعد انہوں نے اس بارے میں بات کرنے کا فیصلہ کیا۔ روبی روز نے اپنی پوسٹس میں یہ بھی کہا کہ اس واقعے کے اثرات نے ان کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا

فلم "سائیکو" عیدالاضحیٰ پر سینما گھروں کی زینت بنے گی

فلم کی کاسٹ میں شان شاہد، میرا، جاوید شیخ، سونیا حسین اور دیگر نامور فنکار شامل



لاہور (این این آئی) تھرل، ایکشن اور سماجی مسائل کی عکاسی کرتی ہوئی فلم سائیکو کا ٹریلر ریلیز کرنے کی تقریب لاہور کے مقامی ہوٹل میں سجائی گئی جس میں فلم کی کاسٹ نے بھی شرکت کی۔ جیو فلمز فلم سائیکو کا میڈیا پارٹنر ہے، یہ فلم عید الاضحیٰ پر سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ فلم اسٹار شان شاہد نے فلم سائیکو میں اداکاری کے ساتھ ساتھ ہدایت کاری کے جوہر بھی دکھائے ہیں۔ ڈائریکٹر و اداکار شان شاہد کا کہنا ہے کہ فلم سائیکو اہم معاشرتی موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔ فلم اسٹار میرا کا کہنا ہے کہ سائیکو کے کردار بہت گہرے ہیں۔

فضا علی کے حق مہر، عمر و ذاتی زندگی سے متعلق اہم انکشافات

مجھے ہمیشہ محبت اور ساتھ کی تلاش رہی اور شکر خدا کا اب مجھے یہ سب حاصل ہو چکا ہے، فضا علی



لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ و میزبان فضا علی نے اپنی عمر، شوبز کیریئر اور حق مہر سے متعلق اہم انکشافات کر دیئے۔ ایک انٹرویو میں فضا علی نے بتایا کہ میں 1984 میں پیدا ہوئی اور صرف 15 سال کی عمر میں شوبز انڈسٹری میں قدم رکھ چکی تھی۔ ان کا کہنا ہے کہ مجھے ہمیشہ محبت اور ساتھ کی تلاش رہی اور شکر خدا کا اب مجھے یہ سب حاصل ہو چکا ہے، میں اس وقت 41 برس کی ہوں اور اس عمر میں محبت اور جذبات کے اظہار پر کسی کو اعتراض نہیں ہونا چاہیے۔ اداکارہ نے اپنی شادی سے متعلق بھی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے عید الفطر 2020 پر اعجاز خان سے نکاح کیا جو میری تیسری شادی ہے، میرے شوہر کا تعلق برطانیہ سے ہے اور شادی کے بعد وہ پاکستان میں مقیم ہیں۔ حق مہر کے بارے میں بات کرتے ہوئے فضا علی نے کہا کہ میں سادہ نکاح کی خواہش رکھتی تھی۔

صبا قمر سے پہلی ملاقات نے رلا دیا تھا، کرن اشفاق

اداکارہ صبا قمر کی بہت بڑی مداح ہوں اور ان سے پہلی بار مل کر آبدیدہ ہو گئی تھی



لاہور (این این آئی) اداکارہ کرن اشفاق نے انکشاف کیا ہے کہ صبا قمر سے پہلی ملاقات نے مجھے رلا دیا تھا۔ شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ کرن اشفاق کا کہنا ہے کہ میں اداکارہ صبا قمر کی بہت بڑی مداح ہوں اور ان سے پہلی بار مل کر آبدیدہ ہو گئی تھیں۔ جواب میں کرن اشفاق نے کہا کہ صبا قمر کا کردار ان سے بہتر کوئی بھی ادا نہیں کر سکتا لیکن اگر مجھے ڈرامے میں ان کے ساتھ کوئی چھوٹا سا کردار بھی مل جائے تو میں خوشی خوشی کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ میں صبا قمر کی بہت بڑی مداح ہوں، ان سے ایک فلم کے پریمیئر پر ملاقات ہوئی تھی اور میں ان سے مل کر رونے لگی تو وہ گھبرا گئیں اور پوچھنے لگیں کہ مجھے کیا ہوا ہے؟ اداکارہ کے مطابق میری پی آر منیجر نے صبا کو بتایا کہ یہ آپ کی بہت بڑی مداح ہے اس لیے جذباتی ہو گئی ہے۔ واضح رہے کہ کرن اشفاق نے پہلی شادی اداکار و میزبان عمران اشرف سے کی۔

گلوکار جوبین نوٹیال نے دیرینہ محبوبہ سے خفیہ طور پر شادی کر لی

ممبئی (این این آئی) بھارتی معروف پلے بیک سنگر جوبین نوٹیال نے زندگی کے نئے سفر کا آغاز کرتے ہوئے مبینہ طور پر اپنی دیرینہ محبوبہ سے خفیہ شادی کر لی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق گلوکار نے یہ شادی نہایت سادگی سے اور نجی انداز میں انجام دی، 36 سالہ گلوکار نے اپنے آبائی شہر اترا کھنڈ میں محدود تقریب کا اہتمام کیا، جس میں صرف قریبی خاندان کے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کو جان بوجھ کر سادہ اور نجی رکھا گیا تاکہ غیر ضروری توجہ سے بچا جا سکے، گلوکار نے بڑی اور شاندار تقریب کے بجائے روایتی اور سادہ شادی کو ترجیح دی۔

اداکار محمد علی کی 19 ویں برسی (کل) منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار محمد علی کی 19 ویں برسی (کل) 19 مارچ کو منائی جائے گی۔ جنوبی پنجاب کے شہر ملتان کے سپوت لیجنڈ اداکار محمد علی 19 اپریل 1931 کو بھارت کے شہر رام پور میں پیدا ہوئے انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان کراچی سے کیا انہوں نے پونے تین سو کے قریب فلموں میں کام کیا جن میں اردو، پنجابی، پشتو، بنگالی اور ہندی فلمیں شامل ہیں فلم "چراغ جلتا رہا" ان کے فلمی کیریئر کی پہلی فلم تھی انہیں فلم دوریاں پر سپیشل ایوارڈ سے نوازا جا چکا ہے۔

مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائے گی

رنگیلا اور منور ظریف کی جوڑی فلموں میں کامیابی کی ضمانت بن گئی



اسلام آباد (این این آئی) فلم انڈسٹری کے نامور مزاحیہ اداکار منور ظریف کی برسی 29 اپریل کو منائی جائے گی۔ منور ظریف 2 فروری 1940 کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے وہ معروف کامیڈین ظریف کے بھائی تھے۔ انہوں نے اپنے فلمی کیریئر میں 300 سے زائد اردو اور پنجابی فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔ ان کی مشہور فلموں میں بنارسی ٹھگ، جیرا بلیڈ، موج میلہ، شوقن میلے دی، منجی کتھے ڈاھواں، دامن اور چنگاری، چکر باز، ہمراہی، بدتمیز، نوکر ووہٹی دا وغیرہ شامل ہیں۔ انہوں نے معروف اداکار رنگیلا کے ساتھ جوڑی بنائی۔

اداکارہ رمشا خان کا شادی کے فوری بعد بڑا فیصلہ

اداکارہ نے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے تمام مواد بھی ڈیلیٹ کر کے سب کو حیران کر دیا

کراچی (این این آئی) رمشا خان پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی ایک صفِ اول کی اداکارہ ہیں، وہ کئی سالوں سے شوبز میں کام کر رہی ہیں اور خود کو ایک بڑے نام کے طور پر منوا چکی ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں انہوں نے ہم تم، دنیاپور، بریانی جیسے متعدد ہٹ پروجیکٹس دیے ہیں۔ رمشا خان اور خوشحال خان نے مسلسل دو پراجیکٹس دنیاپور اور بریانی میں بطور لیڈ جوڑی کام کیا، جن کی کامیابی کے بعد مداح ان کی کیمسٹری کے دیوانے ہو گئے تھے۔ بعد ازاں، یہ قیاس آرائیاں بھی کی گئیں کہ وہ آف اسکرین بھی رومانوی تعلق میں ہیں۔

بقیہ 1

تجارتی بحری جہازوں کے لیے کھلی رہے گی۔ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ آبنائے ہرمز کمرشل شپنگ کے لیے مکمل طور پر کھول دی گئی، جنگ بندی کے دوران جہازوں کی آمدورفت جاری رہے گی، ہرمز سے گزرنے والے بحری جہازوں کو ایرانی پورٹ اور میری ٹائم آرگنائزیشن کے طے کردہ راستوں سے گزرنا ہوگا۔دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی ایرانی وزیر خارجہ کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے ایران کا شکریہ ادا کیا۔سوشل میڈیا پر انھوں نے لکھا کہ ایران نے ابھی اعلان کیا ہے کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور مکمل آمدورفت کے لیے تیار ہے۔شکریہ! ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ٹروتھ سوشل پر ایک اور فالو اپ پوسٹ سامنے آئی، جس میں انھوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز مکمل طور پر کھلی ہے اور کاروبار کے لیے تیار ہے۔انھوں نے لکھا کہ لیکن ایران کے حوالے سے بحری ناکہ بندی پوری طاقت اور موثر انداز میں برقرار رہے گی، اور یہ اسی وقت تک جاری رہے گی جب تک ایران کے ساتھ ہمارا لین دین 100 فیصد مکمل نہیں ہو جاتا۔امریکی صدر نے کہا کہ یہ عمل بہت تیزی سے مکمل ہونا چاہیے کیونکہ زیادہ تر نکات پہلے ہی طے پا چکے ہیں۔اس معاملے پر توجہ دینے کا شکریہ!۔ایک اور ٹروتھ سوشل کی پوسٹ میں ٹرمپ نے اعلان کیا کہ امریکا ہمارے عظیم B-2 بمبار طیاروں کے ذریعے پیدا ہونے والی تمام (نیوکلیئر ڈسٹ) حاصل کرے گا۔اس معاہدے میں کسی بھی صورت، شکل یا طریقے سے کوئی رقم کا لین دین نہیں ہوگا۔ٹرمپ نے کہا کہ یہ معاہدہ کسی بھی طور پر لبنان سے مشروط نہیں ہے تاہم امریکا علیحدہ طور پر لبنان کے ساتھ کام کرے گا اور حزب اللہ کے معاملے کو مناسب انداز میں نمٹائے گا۔صدر ٹرمپ نے کہا کہ اسرائیل اب لبنان پر مزید بمباری نہیں کرے گا۔امریکا نے اسے ایسا کرنے سے سختی سے روک دیا ہے، اب بہت ہو چکا! اس سے قبل ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے جنگ بندی کے حصول میں کردار ادا کرنے پر پاکستان کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کیا۔ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے جنگ بندی کے حصول میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد نے ثالثی کے عمل میں موثر کردار ادا کیا۔دوسری جانب ایران کے وزیر خارجہ کی جانب سے آبنائے ہرمز جنگ بندی کی باقی مدت کے دوران تجارتی جہازرانی کے لیے مکمل طور پر کھولے جانے کے اعلان کے بعد خام تیل کی قیمتوں میں تیزی سے کمی واقع ہوئی ہے۔اس اعلان کے بعد برینٹ خام تیل کی قیمت کم ہو کر 90 ڈالر فی بیرل سے نیچے آ گئی، جبکہ دن کے اوائل میں یہ 98 ڈالر سے زائد تھی۔این وائی میکس لائٹ سویٹ کروڈ، جو امریکہ کا معیاری خام تیل ہے، اس کی قیمت میں بھی نمایاں کمی دیکھی گئی۔

بقیہ 2

اورنگزیب نے اپنے چینی ہم منصب کو پاکستان کے آئی ایم ایف پروگرام کی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی (EFF) کے تیسرے جائزے اور ریزیلیئنس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی (RSF) کے دوسرے جائزے کیلئے اسٹاف لیول معاہدہ مکمل ہو چکا ہے، جس کی منظوری مئی کے آغاز میں متوقع ہے۔وزیر خزانہ نے بتایا کہ پاکستان نے 1.4 ارب ڈالر کا یورو بانڈ ادا کر دیا ہے اور سعودی عرب سے نمایاں اضافی مالی معاونت بھی حاصل کی ہے، جس سے بیرونی مالی پوزیشن مضبوط ہوگی۔انھوں نے پاکستان کے پہلے پانڈا بانڈ کے اجرا سے متعلق پیش رفت سے بھی آگاہ کیا، جو مالی وسائل کو متنوع بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان تجارت کا بڑا حصہ اب رینمنبی (RMB) میں طے ہو رہا ہے جس کے باعث بڑھتی ہوئی تجارتی سرگرمیوں کو سہارا دینے کے لیے کرنسی سواپ سہولت میں اضافہ ضروری ہے۔وزیر خزانہ نے خطے میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کو تسلیم کرنے پر چینی وزیر خزانہ کا شکریہ ادا کیا۔انھوں نے شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کے لیے پاکستان کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا، خاص طور پر ایسے وقت میں جب پاکستان ستمبر میں ایس سی او کی صدارت سنبھالنے جا رہا ہے۔ملاقات کے اختتام پر وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک میں چین کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی مسلسل حمایت پر بھی شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 3

کی جائیں گی جبکہ صوبے میں روایتی میلوں کو فروغ دیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق بسنت، میلہ چراغاں سمیت مختلف ثقافتی و مذہبی تقریبات پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔حکام کا کہنا ہے کہ نوجوانوں کو آرٹس، دستکاری اور ثقافتی سرگرمیوں میں شامل کیا جائے گا جبکہ فیسٹیولز، نمائشوں اور مقابلوں کے ذریعے مقامی ٹیلنٹ کو اجاگر کیا جائے گا۔علاوہ ازیں، فنکاروں اور ہنرمندوں کی تربیت اور سکل ڈیولپمنٹ پر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی۔

بقیہ 4

ممالک بالخصوص پاکستان کی سلامتی کیلئے واضح خطرہ ہے۔فتنہ الخوارج کے دہشتگرد مشرقی افغانستان بالخصوص پاک افغان سرحدی صوبوں کنڑ اور ننگرہار میں موجود ہیں، افغانستان میں فتنہ الخوارج اور القاعدہ جیسی 20 سے زائد بین الاقوامی اور علاقائی دہشتگرد تنظیمیں سرگرم ہیں۔ماہرین کے مطابق فتنہ الخوارج سمیت علاقائی اور بین الاقوامی دہشتگرد تنظیمیں افغانستان کو کارروائیوں کیلئے محفوظ بیس کیمپ کے طور پر استعمال کر رہی ہیں۔دہشتگردوں کی پشت پناہی، انسانی حقوق کی سنگین پامالی اور ہٹ دھرمی پر مبنی پالیسیوں کے باعث افغان طالبان رجیم عالمی تنہائی کا شکار ہے۔

بقیہ 5

چیت کی ان میں پاک نیٹو فوجی تعلقات، علاقائی سلامتی، فوجی تعلیم و تربیت، افواج میں ورزش کی سرگرمیاں، افراد اور فوجی آلات کی باہمی تعامل کی صلاحیت کے فروغ دینا شامل تھے۔اسی دوران پاکستانی وفد نے بیلجیئم کے مونس میں واقع نیٹو کے اتحادی کمانڈ آپریشنز ہیڈ کوارٹر شیپ کا بھی دورہ کیا۔

بقیہ 6

قطر کے وزیر اعظم و وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن بن جاسم آل ثانی اور کوسووو کی سابق صدر وجوسا عثمانی سے بھی ملاقاتیں ہوئیں۔وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق ملاقاتیں خوشگوار ماحول میں ہوئیں، ملاقاتوں میں وزیر اعظم عالمی رہنماؤں کی توجہ کا مرکز رہے، ملاقاتوں میں عالمی سطح اور خطے کی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

بقیہ 7

ڈونلڈ ٹرمپ کی متوقع پاکستان آمد کے حوالے سے سوشل میڈیا پر میمز کا طوفان آ گیا۔ان میمز میں پاکستانیوں نے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کو اپنا بنا لیا۔آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) کی تخلیقی دنیا میں جے ڈی وینس پاکستانیوں کے رنگ میں رنگ گئے جہاں انہیں کہیں بیف کڑاہی اور انڈا پراٹھا کھاتے ہوئے تو کہیں ملکا چائے پیتے دکھایا گیا ہے۔امریکی نائب صدر کو کہیں چپلی کباب کھاتے تو کہیں پاپڑ کے پیکٹ پر بھی دکھایا گیا ہے۔سوشل میڈیا پر میمز میں امریکی نائب صدر کو سائیکل رکشے اور بس کی بھی سواری کرا دی گئی۔پاکستانی منچلوں کی طرح انہیں بائیک پر کرتب کا مظاہرہ کرتے بھی دکھایا گیا ہے۔ایک اور وائرل میم میں دکھایا گیا کہ امریکی نائب صدر کراچی کی سڑکوں کی ابتر حالت دیکھ کر اسے ایران کی تباہی کے مناظر سمجھ بیٹھے۔علاوہ ازیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پاکستان آمد کے حوالے سے بھی سوشل میڈیا پر میمز بنانے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔

بقیہ 8

کے الاٹمنٹ لیٹر جاری کر دیے جائیں گے۔

بقیہ 9

14 گھنٹے تک بجلی بند رہتی ہے۔بلوچستان کے مختلف شہروں میں بھی 10 سے 12 گھنٹے جبکہ دیہی علاقوں میں 20 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ جاری رہتی ہے۔راولپنڈی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ میں کمی دیکھی گئی، 8 سے 10 گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کم ہو کر 2 سے 3 گھنٹے ہو گئی۔

بقیہ 10

جاری رہی۔ملاقات کے دوران بشریٰ بی بی کی فیملی نے ان کی صحت کے حوالے سے خیریت دریافت کی، بشریٰ بی بی کی فیملی نے ان کی صحت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ملاقات کے بعد بشریٰ بی بی کی فیملی اڈیالہ جیل سے واپس روانہ ہو گئی۔

بقیہ 11

(رقم میں تبدیل) کر دیا گیا تھا۔جسٹس ملک جاوید اقبال وینس نے 14 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا جبکہ وفاق کی جانب سے اسسٹنٹ اٹارنی جنرل ملک تنویر احمد اعوان نے عدالت کی معاونت کی۔فیصلے میں قرار دیا گیا کہ بجلی کے ملازمین کو مفت یونٹس کوئی مستقل یا قانونی حق نہیں بلکہ یہ ایک مراعاتی سہولت تھی، جسے انتظامی پالیسی کے تحت تبدیل یا ختم کیا جا سکتا ہے۔عدالت نے واضح کیا کہ درخواست گزار یہ ثابت کرنے میں ناکام رہے کہ مفت یونٹس ان کی تنخواہ کا حصہ ہیں یا کسی قانون کے تحت ان کا حق بنتا ہے۔مزید کہا گیا کہ ایسی مراعات اس وقت تک سروس کنڈیشنز کا حصہ نہیں بنتیں جب تک انہیں قانونی حیثیت حاصل نہ ہو۔فیصلے کے مطابق اس معاملے میں کسی بنیادی حق کی خلاف ورزی ثابت نہیں ہوئی اور یہ آجر و ملازم کے تعلق کا حصہ ہے۔عدالت نے قرار دیا کہ پالیسی تمام متعلقہ اداروں پر یکساں لاگو کی گئی اور کسی امتیازی سلوک یا من مانے اقدام کی نشاندہی نہیں ہوئی۔عدالت نے یہ بھی کہا کہ مختلف گریڈز کے لئے الگ پالیسی بنانا امتیاز نہیں کیونکہ بی پی ایس 17 اور اس سے اوپر افسران کا کیڈر الگ ہوتا ہے۔پاور ڈویژن پاکستان کی پالیسی کو معقول اور مالی طور پر درست قرار دیتے ہوئے عدالت نے کہا کہ پاور سیکٹر کو مالی مشکلات اور سرکلر ڈیٹ جیسے مسائل کا سامنا ہے، اس لیے مونیٹائزیشن جیسے اقدامات ضروری ہیں۔فیصلے میں مزید کہا گیا کہ ملازمین کی سہولت ختم نہیں کی گئی بلکہ اسے نقد رقم کی صورت میں تبدیل کیا گیا ہے جبکہ مجموعی تنخواہ پر بھی اس کا کوئی منفی اثر ثابت نہیں ہوا۔عدالت نے واضح کیا کہ پالیسی فیصلوں میں عدالتی مداخلت محدود ہوتی ہے اور جب تک کوئی پالیسی غیر قانونی یا بدنیتی پر مبنی نہ ہو، اسے برقرار رکھا جاتا ہے۔عدلیہ حکومت کے مالی و انتظامی معاملات میں مداخلت نہیں کر سکتی کیونکہ یہ ایگزیکٹو اختیار کے دائرہ کار میں آتا ہے۔عدالت نے آئین کے آرٹیکل 4، 9 اور 25 کی خلاف ورزی کے الزامات بھی مسترد کر دیے۔

بقیہ 12

کاوشوں کو سراہا۔ایرانی وزیر داخلہ نے کہا کہ جنگ بندی برادر ملک پاکستان کی ثالثی میں قائم ہوئی۔ایران پاکستان کا مخلصانہ اور مثبت کردار ہمیشہ یاد رکھے گا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان خطے میں پائیدار امن اور استحکام چاہتا ہے۔مشرق وسطی تنازعہ کے دیرپا حل کے لئے مخلصانہ کاوشیں کی جا رہی ہیں۔جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں۔ڈائیلاگ ہی میں تنازعات کا حل ہے۔

بقیہ 13

دانش اکرم نے سوتیلے والد کی بہن سے پسند کی شادی کی تھی، بھائی کی پسند کی شادی کی لڑکی کے بھائیوں نذیر، نجیب اور عزیز اللہ کو رنج وغصہ تھا۔مدعی مقدمہ کے مطابق بھائی کو دعوت کے بہانے گھر بلایا گیا، بھابھی پہلے سے بھائی عزیز اللہ کے گھر تھی، رات بھر بھائی کے واپس نہ آنے پر عزیز اللہ کے گھر گئے، عقبی دروازے سے نجیب اور نذیر چھری اٹھائے فرار ہو رہے تھے، ملزمان کو روکنے کی کوشش پر انہوں نے جان سے مارنے کی دھمکی دی۔عامر کے مطابق گھر داخل ہونے پر بھائی دانش اکرم، والدہ شہلا بی بی، بھابھی سیما گل کی لاشیں پڑی تھیں۔ملزمان نے تینوں کے گلے تیز دھار آلے سے کاٹ کر قتل کیا، ملزمان نے بہن کی پسند کی شادی کے عناد پر تینوں کو قتل کیا تھا۔پولیس کے مطابق مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 14

کی خدمت کر رہے ہیں قابل تحسین ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں ہیموفیلیا کے عالمی دن کے موقع پر سندس فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ بلڈ ڈونر کیمپ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ جان لیوا بیماریوں میں مبتلا افراد کے لئے خون کا عطیہ کرنا کسی عبادت سے کم نہیں۔سندس فاؤنڈیشن تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لئے گراں قدر خدمات سرانجام دے رہی ہے۔خون کا عطیہ جان لیوا بیماریوں کا شکار بچوں کے لئے نئی زندگی کی امید ہے۔متوسط اور غریب طبقے کے لیے گورنر ہاؤس کے دروازے کھولنا میرے لیے بہت خوشی اور باعث اطمینان ہے۔گورنر پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے سندس فاؤنڈیشن جیسے اداروں کی معاونت خوش آئند ہے۔مریض بچوں کیلئے حکومتی امداد میں اضافہ ناگزیر ہے۔صحت کی سہولیات میں بہتری کیلئے حکومت پنجاب کی کاوشیں قابل قدر ہیں۔حکومت پنجاب کا تعاون تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریضوں کے علاج کیلئے مثبت نتائج دے رہا ہے۔گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ پیپلز یوتھ ونگ کے نوجوانوں کو سراہتا ہوں جو میری درخواست پر رضاکارانہ طور پر خون عطیہ کرنے آئے۔بلڈ ڈونر کیمپ میں کثیر تعداد میں نوجوانوں نے ہیموفیلیا اور تھیلیسیمیا میں مبتلا افراد کے لئے خون کا عطیہ دیا۔اس موقع پر گورنر پنجاب نے ہیموفیلیا کے بچاؤ کے لئے آگاہی واک کی قیادت بھی کی۔تقریب میں سندس فاؤنڈیشن کے بانی وصدر سندس فاؤنڈیشن یاسین خان، خالد عباس ڈار، میاں محمد اجمل، بلڈ ڈونرز سمیت ہیموفیلیا اور تھیلیسیمیا میں مبتلا بچوں اور بچیوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔گورنر پنجاب نے ہیموفیلیا اور تھیلیسیمیا میں مبتلا بچوں میں تحائف بھی تقسیم کیے۔تقریب کے اختتام پر ڈونرز میں شیلڈز بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 15

عطا فرمایا، انشاء اللہ ہر وہ اقدام ضرور کریں گے جو ملک اور قوم کی اجتماعی بہتری کے لیے ہو۔

بقیہ 16

شریف نے ہونہار اسکالرشپ کیلئے تمام اہل طلبہ کو وظیفہ دینے کا حکم دیا۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ یکمشت 62949 طلبہ کو ہونہار سکالر شپ ملیں گے۔پنجاب کے 98 فیصد طلبہ کا سی ایم پنجاب لیپ ٹاپ سکیم پر بھرپور اطمینان کا اظہار کیا ہے۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سرگودھا سمیت دیگر سکولوں میں بہتری کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ہدایت کی۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے 166 سرکاری کالجز میں نئی اور جدید ترین آئی ٹی لیب بنانے کی منظوری دے دی۔اجلاس میں پنجاب کے کالجز میں پہلی مرتبہ پرنسپل، اساتذہ اور کالجز کیلئے ''کے پی آئیز'' مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔سرکاری یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر کی کارکردگی کا تعین بھی ''کے پی آئیز'' کے مطابق کیا جائے گا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے غیاری طلبہ کو مساوی بنیادوں پر اوپن میرٹ پر لیپ ٹاپ دینے کی ہدایت کی۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے طلبہ سے گوگل سرٹیفیکیشن کورسز کی 400 سے ایک ہزار ڈالر تک فیس نہیں لی جائے گی۔سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ کو سائبر سکیورٹی، اے آئی، بزنس انٹیلی جنس اور تین سے چھ ماہ کے دیگر کورسز کرائے جائیں گے۔اجلاس میں پنجاب کے تمام کامرس کالجز کا یونیورسٹیوں سے الحاق کا بھی فیصلہ کیا گیا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کامرس کالجز کو یونیورسٹیوں سے الحاق کرنے کی منظوری دیدی۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 29 اضلاع کے 36 کامرس کالجز کو 19 سرکاری یونیورسٹیوں سے منسلک کیا جائے گا۔ہر کامرس کالج کا ضلع میں موجود سرکاری یونیورسٹی سے الحاق کیا جائے گا۔بزنس، اکاؤنٹ، فنانس، بینکنگ، آئی ٹی اور ای کامرس سے متعلق بی ایس کے 14 ڈسپلن پڑھائے جائیں گے۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے 30 ہزار طلبہ کو ہونہار سکالر شپ کیلئے سمری پیش کی تھی۔پنجاب کے 262 سرکاری کالجز کے 5282 طلبہ کیلئے فیز ون میں 23 کروڑ 80 لاکھ روپے ہونہار سکالرشپ دیئے گئے۔فیز ٹو میں 200 کالجز کے 4310 طلبہ کیلئے 19 کروڑ چالیس لاکھ روپے کے سکالرشپ رکھے گئے۔365 گریجوایٹ طلبہ کو 25 ہزار سکالرشپ دیئے جائیں گے۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ سی ایم پنجاب لیپ ٹاپ پروگرام فیز ون میں 38 ہزار سے زائد طلبہ مستفید ہوئے۔سی ایم پنجاب لیپ ٹاپ پروگرام فیز ٹو میں بصارت سے محروم اور دیگر سپیشل طلبہ کو بھی سکالرشپ ملیں گے۔سی ایم پنجاب لیپ ٹاپ سکیم فیز ٹو کیلئے 142000 طلبہ نے اپلائی کیا۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ پنجاب میں پیکٹا کے تحت گریڈ 8 اسسمنٹ امتحانات میں 9 لاکھ 94 ہزار طلبہ نے شرکت کی۔طالبات کی کامیابی کا تناسب 92 فیصد اور طلباء کی کامیابی کا تناسب 84 رہا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پہلی تین پوزیشنیں طالبات کو ملنے پر اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ 17

دوران، وزیر خارجہ حاقان فیدان نے وزیر اعظم شہباز شریف کا پرتپاک استقبال کیا اور انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ صدر رجب طیب اردوان انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر وزیر اعظم سے ملاقات کے منتظر ہیں۔وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پرتپاک استقبال اور روایتی مہمان نوازی پر وزیر خارجہ حاقان فیدان کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ باعث خوشی ہے کہ وہ اپنے دوسرے گھر ترکیہ کے دورے پر ہیں۔انہوں نے کہا کہ انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت اور صدر رجب طیب اردوان سے انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر ملاقات انکے باعث مسرت ہے۔

بقیہ 18

اور دیگر متعلقہ شخصیات کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ٹی او آر کے مطابق کمیٹی کا مقصد جانوروں کے تحفظ کے لیے قانونی اور ادارہ جاتی اقدامات کو مزید مضبوط بنانا ہے، کمیٹی کو غیر قانونی جنگلی حیات کی تجارت اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے موثر تجاویز پیش کرنے کی ذمے داری دی گئی ہے۔اس کے علاوہ کمیٹی عوامی آگاہی بڑھانے اور ذمے دارانہ طور پر پالتو جانور رکھنے کے رجحان کو فروغ دینے کے لیے بھی سفارشات مرتب کرے گی، جبکہ بے گھر جانوروں کی دیکھ بھال کے لیے منصوبے بھی تجویز کیے جائیں گے۔وزارت ماحولیاتی تبدیلی کمیٹی کو سیکریٹریٹ سپورٹ فراہم کرے گی، جبکہ کمیٹی کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 27 اپریل 2026 تک اپنی سفارشات پیش کرے۔

بقیہ 19

وتفہیم، احترام اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بادشاہی مسجد جیسے تاریخی مقامات تاریخ، ایمان اور انسانیت کے درمیان زندہ پل کی حیثیت رکھتے ہیں اور عالمی تہذیبوں کی مشترکہ اقدار کی نمائندگی کرتے ہیں۔دورے کے دوران بین وارنگٹن نے بادشاہی مسجد کے خطیب وامام مولانا سید محمد عبدالخبیر آزاد سے ملاقات کی۔انہوں نے مسجد کے اندر قائم جدید تبرکات مقدسہ کی گیلری کا بھی دورہ کیا اور اس کے تاریخی ورثے، بہترین تحفظ اور خوبصورت پیشکش کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ یہ گیلری تعلیم اور تحفظ کا ایک بہترین امتزاج ہے جو زائرین کے لیے تاریخ کو زندہ اور موثر انداز میں پیش کرتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایسے اقدامات مختلف اقوام اور مذاہب کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے اور باہمی احترام کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔مولانا عبدالخبیر آزاد نے معزز مہمان کو بادشاہی مسجد کی شاندار تاریخ سے آگاہ کیا اور اسے مغلیہ فن تعمیر کا شاہکار اور اسلامی تہذیب کی عظیم علامت قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ یہ مسجد عبادت، تعلیم اور بین المذاہب ہم آہنگی کا مرکز ہے اور اس کے روحانی و تاریخی ورثے کے تحفظ کے لیے مسلسل اقدامات جاری ہیں۔دونوں رہنماؤں نے عالمی امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور رواداری کے فروغ سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 20

نقصان کسی صورت قابل قبول نہیں اور کاروباری سرگرمیوں کو تحفظ فراہم کیا جائے، تاجروں نے بھی تیل سے بجلی بنانے کا مطالبہ نہیں کیا لہٰذا فیصلے زمینی حقائق کے مطابق ہونے چاہئیں، سولر انرجی کی پیداوار 8 ہزار میگاواٹ تک پہنچ چکی ہے مگر انتظامی مسائل اب بھی موجود ہیں۔اس امر کا اظہار انہوں نے لوڈشیڈنگ اور مارکیٹیں 8 بجے بند کرنے کے فیصلے کے خلاف پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔پیرا کے لاک ڈاؤن سے متعلق طریقہ کار کو غیر موثر اور غلط قرار دیتے ہوئے صدر لاہور چیمبر نے فوری طور پر اس پر نظرثانی کا مطالبہ کیا۔فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا کہ مارکیٹوں کی بندش کے دوران گالم گلوچ، دھکم پیل اور فائرنگ تک کے واقعات افسوسناک ہیں جبکہ ملک کو کیپٹل ڈرین ہو رہا ہے اور کاروباری ماحول بہتر ہونے کے بغیر سرمایہ واپس نہیں آئے گا، انہوں نے زور دیا کہ ہراسمنٹ ختم کی جائے اور گلف و دبئی کے کاروباری ماڈل سے سیکھا جائے، رئیل اسٹیٹ اور سرمایہ کاری کے شعبے کو سہولت دی جائے تاکہ سرمایہ ملک میں رہے، تیل کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھ رہی ہے اور کاروبار بند ہونے سے غربت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 21

کریں گے، حج تربیتی پروگرام سے شیخ الحدیث مولانا محمد یوسف خان، صاحبزادہ مولانا حافظ زبیر حسن، مولانا مفتی محمد زکریا، مولانا عبدالحنان، مولانا مفتی خرم یوسف سمیت دیگر علماء خطاب کریں گے جبکہ حج تربیتی پروگرام میں عازمین حج خواتین کے لیے بھی باپردہ شرکت کا اہتمام ہے۔

بقیہ 22

بخاری کے جاری کردہ حکم کے مطابق سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی اطلاعات میں الزام عائد کیا گیا تھا کہ ضلع قلات میں ایکسائز عملے نے واشک سے تعلق رکھنے والے زمیاد گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو دستاویزات کی جانچ کے بہانے روکا، انہیں دفتر لے جا کر کئی گھنٹے حراست میں رکھا اور مقدمہ درج کرنے کی دھمکیاں دے کر فی کس ڈھائی لاکھ روپے وصول کیے۔حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ الزامات سامنے آنے کے بعد اسسٹنٹ ای ٹی او حسن ناصر رودینی اور انسپکٹر وقاص احمد نوتزئی کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔جبکہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر مستونگ محمد طاہر کو معاملے کی ابتدائی تحقیقات کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے، جو ایک ہفتے کے اندر اپنی رپورٹ پیش کریں گے۔

بقیہ 23

کے طرز عمل سے متعلق ضابطہ اخلاق پی سی بی کا اپنا نظام ہے اور اسی کے تحت تمام تادیبی کارروائیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔انہوں نے اس معاملے پر ذاتی رائے دیتے ہوئے کہا کہ اس پر مزید تبصرہ نہ کرنا ہی بہتر ہے کیونکہ ان کے پاس اس حوالے سے مثبت الفاظ موجود نہیں۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ نسیم شاہ ایک پیشہ ور کھلاڑی ہیں اور انہیں ذمہ دارانہ رویہ اپنانا چاہیے نہ کہ سوشل میڈیا پر کسی ٹرولر کی طرح کا انداز اختیار کرنا چاہیے۔

بقیہ 24

نے اعتماد سازی کیلئے بانی کی فیملی، اسیر رہنماؤں سے ملاقاتیں شروع کر دیں، پی ٹی آئی چیئرمین نے بانی کی فیملی کو مذاکرات اور لچک کا مظاہرہ کرنے پر قائل کر لیا ہے۔بانی پی ٹی آئی کی فیملی جیل کے باہر متنازع گفتگو نہ کرنے پر راضی ہوگئی، بشریٰ بی بی کی فیملی بھی ان سے متعلق سوشل میڈیا پیغامات جاری نہیں کرے گی، پارٹی بشریٰ بی بی کے ایشو کو لیکر کوئی متنازع پریس کانفرنس نہیں کرے گی۔ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی کی رہائی قانونی طریقے سے ہوگی، کوٹ لکھپت جیل میں اسیر رہنماؤں کی اپیلوں پر جلد سماعت ہو سکتی ہے۔بیرسٹر گوہر نے گزشتہ روز کوٹ لکھپت جیل میں پی ٹی آئی کے اسیر رہنماؤں سے ملاقات کی۔ملاقات کے بعد بیرسٹر گوہر نے بانی کی بہن نورین نیازی سے طویل ملاقات کی۔اگلے ہفتے بیرسٹر گوہر محمود اچکزئی اور علامہ ناصر عباس بانی کی فیملی سے ملاقات کریں گے، تینوں رہنما بانی کی فیملی کو دوبارہ اعتماد میں لیں گے۔

بقیہ 25

سمیت دیگر شعبوں میں ہوں گی۔ایف پی ایس سی نے بتایا ہے کہ سی ایس ایس 2025 کیلئے اشتہار جاری کر دیا ہے، مجموعی طور پر 327 آسامیوں پر بھرتی کا عمل مکمل کیا جائے گا، ان میں 191 نئی اور 136 پچھلے برسوں کی منتقل شدہ آسامیاں بھی شامل ہیں۔ایف پی ایس سی نے بتایا کہ اوپن میرٹ کیلئے 169 نشستیں، خواتین کیلئے 35، اقلیتوں کیلئے 123 آسامیاں مختص ہیں۔صوبائی کوٹے سے متعلق بتایا گیا کہ پنجاب کیلئے سب سے زیادہ 157، خیبر پختونخوا کیلئے 43، سندھ رورل کیلئے 30، سندھ اربن کیلئے 28، بلوچستان کیلئے 28، سابق فاٹا کیلئے 16، آزاد کشمیر کیلئے 7 اور گلگت بلتستان کیلئے 3 آسامیوں کا کوٹہ مختص ہے۔ایف پی ایس سی نے بتایا کہ پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس، پولیس سروس آف پاکستان، فارن سروس آف پاکستان، ان لینڈ ریونیو سروس، آفس مینجمنٹ گروپ سمیت دیگر سروسز اور گروپس کی اسامیاں بھی شامل ہیں۔ایف پی ایس سی کے مطابق آسامیوں کی تقسیم میں صوبائی، علاقائی، خواتین اور اقلیتی تناسب کو مدنظر رکھا گیا، اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی پالیسی کے مطابق کوٹہ سسٹم پر عمل درآمد ہوگا اور امیدواروں کی حتمی تعیناتی میرٹ پوزیشن کی بنیاد پر ہوگی۔ایف پی ایس سی ذرائع نے بتایا کہ کل سی ایس ایس کے نتیجے کے اعلان کا قوی امکان ہے اور حتمی تعیناتی امیدوار کی ترجیحات، کمیشن کی جانب سے موزونیت اور ڈومیسائل کی بنیاد پر ہوگی۔

بقیہ 26

دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں پر اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فروخت کرنے کی سختی سے ہدایات کی گئی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے اور چوہدری شفقت محمود نے خود موقع پر کھڑے ہو کر سرکاری نرخوں پر پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کروائی اور دکانداروں کو ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کے احکامات جاری کیے جبکہ سرکاری نرخوں پر عمل کرنے والے بچے کو شاباش دی اور کندھے پر تھپکی دی انہوں نے واضح کیا ہے کہ ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی تفصیلات کے مطابق تحصیلدار واسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے روزمرہ کی چیکنگ کے دوران فتح جنگ شہر کھوڑ روڈ، اٹک روڈ، کوہاٹ روڈ اور گردونواح میں سبزیوں پھلوں ہوٹلز اور بیکرز میں چیکنگ کے دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں پر اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فروخت کرنے کی سختی سے ہدایات کی گئی اور چوہدری شفقت محمود نے خود موقع پر کھڑے ہو کر سرکاری نرخوں پر پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کروائی اور دکانداروں کو ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کے احکامات جاری کیے جبکہ انہوں نے واضح کیا ہے کہ ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری شفقت محمود کی کاوشوں کو سراہا گیا اہل علاقہ نے کہا کہ ایسی کارروائیاں شہر میں نظم وضبط کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کریں گی

بقیہ 27

ہے۔ایس ای سی پی کے مطابق جے ایس رینٹل ریٹ رواں سال ایکس چینج میں لسٹ ہونے والی تیسری ریٹ سکیم ہے۔پی ایس ایکس پر لسٹڈ ریٹ سکیموں کی مجموعی تعداد 6 ہو جائے گی۔حکام کے مطابق رینٹل ریٹ کے یونٹس کی آفرنگ فکسڈ پرائس میکانزم کے تحت ہو گی۔ریٹ کے 53.6 ملین یونٹس فروخت کیلئے پیش کیے جائیں گے۔حکام کے مطابق رینٹل ریٹ کا انتظام جے ایس انویسٹمنٹ لمیٹڈ کر رہی ہے۔

بقیہ 28

اور او پی ایف کے درمیان رابطے کو مضبوط بنانے، کمیونٹی کے مسائل کے حل اور سہولت کاری میں اہم کردار ادا کریں گے۔اعلامیے میں کہا گیا کہ اسد نواز خان اپنی ذمہ داریوں کے دوران جاپان میں پاکستانی کمیونٹی کے مسائل کے فوری حل، بہتر رابطہ کاری اور موثر نمائندگی کو یقینی بنائیں گے۔ان کی یہ تقرری اعزازی بنیادوں پر کی گئی ہے اور وہ او پی ایف کے ساتھ قریبی تعاون کے ذریعے اپنی خدمات سرانجام دیں گے۔اس موقع پر مسلم لیگ (ن) جاپان کے صدر ملک نور اعوان نے اسد نواز خان کو ان کی تقرری پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز نہ صرف اسد نواز خان بلکہ پوری پاکستانی کمیونٹی کے لیے باعث فخر ہے۔انہوں نے کہا کہ اسد نواز خان کی قیادت اور تجربہ جاپان میں پاکستانیوں کے مسائل کے حل میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ملک نور اعوان نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کیلئے ایسے نمائندوں کی تقرری انتہائی خوش آئند ہے اور اس سے پاکستان اور بیرون ملک پاکستانیوں کے درمیان روابط مزید مضبوط ہوں گے۔

بقیہ 29

روپے کے پرائس ڈیفرنشل کلیمز کی ادائیگی کی گئی ہے۔وفاقی حکومت کی طرف سے خلیج میں جنگ کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا پورا اضافہ صارفین کو منتقل نہیں کیا گیا تھا۔حکومت نے 129 ارب روپے سے زیادہ دی تھی، پرائس ڈیفرنشل کلیمز کے ذریعے پیٹرول اور ڈیزل پر دی جانے والی سبسڈی کی رقم آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو ادائیگی کیلئے اوگرا کو ذمہ داری سونپی گئی۔ترجمان کے مطابق اوگرا نے وفاقی حکومت کے فیصلے کو ایک باقاعدہ طریقہ کار کے تحت نافذ کیا جس کی حکومت سے منظوری بھی حاصل ہے، اس طریقہ کار کا مقصد کلیمز کی جانچ پڑتال اور ادائیگی کے عمل میں شفافیت یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 30

ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم رکھے اور کن پر پابندیاں عائد کرے۔عدالت نے واضح کیا کہ اگر عدلیہ تجارتی پالیسیوں میں مداخلت کرے تو یہ آئینی حدود سے تجاوز ہوگا۔عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کی جانب سے وفاقی حکومت کو نظرثانی کیلئے افسر مقرر کرنے کے حکم کو بھی کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام ازخود نوٹس کے دائرہ اختیار سے باہر تھا تاہم درخواست گزار اپنے مسائل کے حل کے لیے براہ راست وفاقی حکومت سے رجوع کر سکتے ہیں۔فیصلے کے مطابق پڑھنے کا حق بنیادی حق ضرور ہے، یہ ملکی قوانین اور خارجہ پالیسی کے تحت عائد پابندیوں سے مشروط ہے۔عدالت نے کہا کہ آئین پاکستان ایک ارتقائی دستاویز ہے جو وقت کے ساتھ نئے حقوق کی تشریح کی گنجائش فراہم کرتا ہے، جبکہ آرٹیکل 25-اے کے تحت مفت تعلیم کا حق سکول اور کالج کی سطح تک محدود ہے۔دوسری جانب جسٹس علی باقر نجفی نے اپنے اضافی نوٹ میں پڑھنے کے ساتھ لکھنے کے حق کو بھی بنیادی حق قرار دیا کہ پڑھنا اور لکھنا ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں اور ایک کے بغیر دوسرا مکمل نہیں ہو سکتا۔انہوں نے قرآن پاک کی پہلی وحی ''اقرا'' کا حوالہ دیتے ہوئے علم کی اہمیت پر زور دیا اور علامہ اقبال کے افکار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ فکری آزادی اور شعور کی بیداری قوموں کی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔عدالت نے قرار دیا کہ انٹرنیٹ کے دور میں معلومات پر مکمل پابندی عملی طور پر ممکن نہیں تاہم قومی سلامتی اور حب الوطنی کے تقاضے اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں۔یہ فیصلہ وزارت تجارت پاکستان کی اپیل پر سنایا گیا جس میں لاہور ہائیکورٹ کے اس حکم کو چیلنج کیا گیا تھا جس میں حکومت کو بھارت سے کتابوں کی درآمد پر نظرثانی کی ہدایت دی گئی تھی۔

بقیہ 31

جگہ اور متعلقہ انچارج کو ذمہ داریاں سونپ دی گئیں فتح جنگ شہر کھوڑ روڈ، اٹک روڈ، کوہاٹ روڈ مین چوک اور گردونواح میں سبزیوں پھلوں ہوٹلز اور بیکرز میں چیکنگ کے دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں پر اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فروخت کرنے کی سختی سے ہدایات کی گئی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے اور چوہدری شفقت محمود نے خود موقع پر کھڑے ہو کر سرکاری نرخوں پر پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کروائی اور دکانداروں کو ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کے احکامات جاری کیے جبکہ سرکاری نرخوں پر عمل کرنے والے بچے کو شاباش دی اور کندھے پر تھپکی دی انہوں نے واضح کیا ہے کہ ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی تفصیلات کے مطابق تحصیلدار واسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے روزمرہ کی چیکنگ کے دوران فتح جنگ شہر کھوڑ روڈ، اٹک روڈ، کوہاٹ روڈ اور گردونواح میں سبزیوں پھلوں ہوٹلز اور بیکرز میں چیکنگ کے دوران اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا اور دکانداروں کو سرکاری نرخوں پر اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فروخت کرنے کی سختی سے ہدایات کی گئی اور چوہدری شفقت محمود نے خود موقع پر کھڑے ہو کر سرکاری نرخوں پر پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کروائی اور دکانداروں کو ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کے احکامات جاری کیے انہوں نے واضح کیا ہے کہ ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اہل علاقہ کی جانب سے چوہدری شفقت محمود کی کاوشوں کو سراہا گیا اہل علاقہ نے کہا کہ ایسی کارروائیاں شہر میں نظم وضبط کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کریں گی

بقیہ 32

کا خاتمہ کر لیا۔پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے لاش مردہ خانے منتقل کر دی۔

بقیہ 33

کینٹ، گوجر خان اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں۔ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 34

کے جرم میں 7 سال قید اور 1 لاکھ روپے جرمانے جبکہ ضرر کے جرم میں 7 سال قید اور 25 ہزار روپے ضمان کی سزا سنائی گئی۔مجرمان نے اپریل 2025 تھانہ روات کے علاقہ میں ذاتی رنجش پر کلہاڑیوں کے وار سے شہری کو قتل جبکہ خاتون کو زخمی کر دیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں سنائیں۔مجرمان کو قرار واقعی سزائیں ملنے پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس ایس پی انویسٹی گیشن اور تفتیشی ولیگل ٹیموں کو شاباش دی۔

بقیہ 35

دورانیہ 6 گھنٹے سے کم ہو کر 2.5 اور 3 گھنٹے رہا۔اسی طرح گزشتہ رات ملک کے ڈیموں سے پانی کے اخراج میں اضافہ ہوا اور مجموعی طور پر 30 ہزار کیوسک پانی ریلیز کیا گیا، گزشتہ رات 8 ہزار کیوسک پانی ریلیز ہوا تھا۔زیادہ پانی کے اخراج سے گزشتہ رات 2300 میگاواٹ پن بجلی پیداوار میں اضافہ ہوا، گزشتہ رات پن بجلی کی پیداوار 1800 میگاواٹ تھی جو اتوار کی رات زیادہ پانی کے ریلیز کی وجہ سے 4100 میگاواٹ پر پہنچ گئی۔دوسری جانب پاور ڈویژن کا مزید کہنا تھا کہ پن بجلی کے اضافہ سے ملک سے جنوب سے 400 میگاواٹ لانے میں بھی مدد ملی، پانی کی زیادہ ڈیمانڈ سے پن بجلی میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے، ایل این جی کی جلد دستیابی اور پن بجلی کی پیداوار بڑھنے سے لوڈ مینجمنٹ کا عارضی مسئلہ ختم ہو جائے گا۔

بقیہ 36

درمیان تقریباً 81 منٹ کا وقفہ ہوگا، جس کے باعث چاند نظر آنے کے امکانات مزید روشن ہو جاتے ہیں۔ترجمان نے بتایا کہ ان سائنسی اندازوں کے مطابق یکم ذوالقعدہ 19 اپریل بروز اتوار ہونے کی توقع ہے، تاہم نئے اسلامی مہینے کے آغاز کا حتمی اعلان رویت ہلال کمیٹی کرے گی۔مزید برآں، سپارکو نے واضح کیا ہے کہ چاند کی رویت کا فیصلہ مستند شہادتوں کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

بقیہ 37

کلو 480 گرام چرس برآمد کی، آر اے بازار پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 400 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 38

او اور کمشنر نے شرکاء کے مسائل کا براہ راست جائزہ، فوری اور موثر حل کی یقین دہانی کرائی۔تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خالد محمود ہمدانی نے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کے ہمراہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کا انعقاد کیا، اجلاس میں ممبران امن کمیٹی، انجمن تاجران، ٹرانسپورٹرز، ایس ایس پی آپریشنز راولپنڈی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن راولپنڈی، ڈویژنل ایس پیز سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں امن وامان اور سیکیورٹی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اس موقع پر تاجر برادری اور امن کمیٹی کے نمائندگان نے ہر مشکل وقت میں اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہنے کے عزم کا اعادہ کیا اور رمضان المبارک اور عیدالفطر کے دوران بہترین سیکیورٹی انتظامات پر شرکاء کی جانب سے راولپنڈی پولیس کو خراج تحسین پیش کیا گیا، اس موقع پر آر پی او راولپنڈی اور کمشنر راولپنڈی ڈویژن کی جانب سے شرکاء کے مسائل کا براہ راست جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 39

جائز کاروبار کے لیے ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف سخت کارروائی جاری رہے گی۔وہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کر رہے تھے جہاں انہوں نے بزنس کمیونٹی کے مسائل سنے اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے معزز مہمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کسٹمز حکام کی جانب سے بزنس کمیونٹی کے ساتھ براہ راست رابطہ ایک مثبت پیش رفت ہے جو مسائل کے حل میں مددگار ثابت ہوگی۔اجلاس میں لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، نائب خرم لودھی، سابق صدر سارک چیمبر میاں انجم نثار، سابق صدر محمد علی میاں، سابق سینئر نائب صدر علی حسام اصغر، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران اور مختلف ایسوسی ایشنز کے نمائندگان بھی موجود تھے۔جبکہ کسٹمز حکام میں چیف کلیکٹر کسٹمز اپریزمنٹ نوید الٰہی، کلیکٹر کسٹمز ایئرپورٹ صائمہ ایاز، چیف کلیکٹر ایکسپورٹس محسن رفیق، چیف کلیکٹر انفورسمنٹ باسط عباسی اور کلیکٹر انفورسمنٹ سید آغا بھی شریک تھے۔صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے اپنے خطاب میں ایئرپورٹ اور ڈرائی پورٹس پر کسٹمز کلیئرنس کے دوران تاخیر، غیر ضروری چارجز اور سسٹم کی خامیوں کی نشاندہی کی۔انہوں نے کہا کہ چھوٹی کمپنیوں اور سیمپلز کی کلیئرنس میں کئی دن لگ جاتے ہیں جس سے ڈیمرج اور دیگر اخراجات بڑھ جاتے ہیں، جو بعض اوقات ڈیوٹی سے بھی زیادہ ہو جاتے ہیں۔

بقیہ 40

نوازا گیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر وقاص احمد نے بیجنگ، چین کی پیپلز پبلک سیکورٹی یونیورسٹی آف چائنا میں ماسٹرز ڈگری پروگرام برائے انٹرنیشنل لا انفورسمنٹ آفیسرز 2025 کے سمسٹر امتحان میں مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی۔اس شاندار کارکردگی پر یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ اے ایس آئی وقاص احمد کی کامیابی ان کی استقامت کی طاقت اور بہترین کارکردگی کے جذبے کو اجاگر کرتی ہیں۔مذکورہ اے ایس آئی اسلام آباد پولیس کا مثبت چہرہ ہے جو نا صرف اپنی محنت، لگن اور جانفشانی سے کامیابی کی راہ پر گامزن ہوا بلکہ اسلام آباد پولیس کی نیک نامی کا بھی باعث بنے ہیں۔

بقیہ 41

10 کروڑ، پنجاب کانسٹیبلری کو دو ارب روپے جاری کیے گئے۔سی پی او فیصل آباد کو 1.9 ارب، سی پی او راولپنڈی کو 1.9 ارب، سی پی او گوجرانوالہ کو 1.2 ارب روپے جاری کیے گئے ہیں۔سی پی او ملتان کو 1.2 ارب، ڈی پی او شیخوپورہ کو 700 ملین، ڈی آئی جی ٹیلی اینڈ ٹرانسپورٹ پنجاب کو 1.4 ارب، سی ٹی ڈی پنجاب کو 1.5 ارب روپے جاری کیے گئے۔ایس پی یو پنجاب کو 1.5 ارب، ایلیٹ فورس کو 179 ملین، سی ٹی او لاہور کو ایک ارب اور سی ٹی او گوجرانوالہ کو 109 ملین روپے جاری کیے گئے ہیں۔ذرائع کے مطابق اگلے ماہ میں پولیس بجٹ میں استعمال نہ ہونے والے فنڈز سرنڈر کیے جائیں گے، سپلیمنٹری گرانٹ میں 30 سے 35 ارب روپے مزید مانگے جائیں گے۔

بقیہ 42

ہے جبکہ شہر میں ایک ہزار سے زائد ڈینگی ہاٹ سپاٹ موجود ہیں۔صوبائی وزیر صحت وآبادی خواجہ عمران نذیر کے مطابق رواں سال ڈینگی کو قابو کرنے کے لئے 1600 ٹیمیں بنائی جاری ہیں، انسداد ڈینگی کے تحت بلاتفریق کارروائیاں کی جائیں گی جس گھر سے بھی ڈینگی کا لاروا برآمد ہوا وہاں پر ڈیڈ سٹیکر لگایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں ڈینگی لاروا یا مریض رپورٹ ہو وہاں ڈینگی سپرے لازمی کرائیں۔

بقیہ 43

اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن نہ صرف فلاحی سرگرمیوں میں پیش پیش ہے بلکہ لوگوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے کے لیے بھی عملی اقدامات کر رہی ہے، قرض حسنہ اسکیم کے ذریعے چھوٹے کاروبار کرنے والوں کو بلاسود مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ اپنے پیروں پر کھڑے ہو سکیں۔الخدمت فاؤنڈیشن، پاکستان کی ایک ممتاز غیر منافع بخش تنظیم ہے جس نے اپنے اسلامی مائیکرو فنانس پروگراموں سمیت مختلف اقدامات کے ذریعے معاشرے کے پسے ہوئے اور مستحق طبقات جن میں خواتین بھی شامل ہیں کو بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن کے مائیکرو فنانس پروگرام کے ذریعے ہزاروں خاندان اپنا کاروبار کر کے خود کفیل ہو چکے ہیں، جن میں بڑی تعداد خواتین کی بھی ہے، الخدمت کا مائیکرو فنانس پروگرام اسلامی مالیات کے اصولوں کے مطابق ہے، جس کے ذریعے معاشی طور پر کمزور افراد، خاص طور پر خواتین، کو ان کے معیار زندگی کو بلند کرنے میں مدد ملتی ہے۔

بقیہ 44

پر چھینا گیا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا، زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کی شناخت وسیم کے نام سے ہوئی ہے، زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو قبل ازیں راولپنڈی اور سرگودھا میں ڈکیتی و چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث اور پولیس کو مطلوب ہے، پولیس نے موٹرسائیکل سواروں کو روکنے کی کوشش کی تو ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ کے دوران ایک فائر کانسٹیبل اسد علی کو بھی لگا جو بلٹ پروف جیکٹ کی وجہ سے محفوظ رہے، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران پولیس نفری کے ہمراہ موقعہ پر پہنچ گئے، فرار ڈاکو کی گرفتاری کے لئے سرچنگ جاری، زخمی حالت میں گرفتار ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ہسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ڈاکوؤں کی فائرنگ کا جوانمردی سے مقابلہ کرتے ہوئے ملزم کی گرفتاری اور موٹرسائیکل واسلحہ کی برآمدگی پر سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او کینٹ اور آر اے بازار پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 45

زخمی ہو گئے۔جاں بحق نوجوان کی شناخت 36 سالہ اسامہ شبیر کے نام سے ہوئی جبکہ زخمیوں میں 56 سالہ کشور بی بی، 40 سالہ شکیلہ بی بی، 30 سالہ صائمہ، 32 سالہ سمیرا، 45 سالہ صائمہ اور 42 سالہ طارق محمود رکشہ ڈرائیور شامل ہیں۔اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور جاں بحق نوجوان کی لاش اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال نارووال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 46

میں اضافے کے باعث ملیریا سمیت دیگر خطرناک بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔شہریوں کا کہنا ہے کہ متعدد بار متعلقہ حکام کو شکایات درج کروانے کے باوجود کوئی عملی اقدام نہیں اٹھایا گیا، جس سے عوام میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔اس حوالے سے عوام نے پاکستان کے ضلعی صدر نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نکاسی آب کے موثر انتظامات کیے جائیں، جراثیم کش اسپرے کروایا جائے اور علاقے کی صفائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ ممکنہ وبائی امراض سے بچا جا سکے۔شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر مسئلہ فوری حل نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 47

حراست افراد سے 4 مسروقہ موٹر سائیکل، موٹر سائیکل کے پارٹس اور چھینی گئی رقم 10 ہزار 500 روپے برآمد ہوئی، رتہ امرال پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹرسائیکل و فریم، چھینی گئی رقم 10 ہزار 500 روپے برآمد کی، نیو ٹاؤن پولیس نے موٹرسائیکل چوری کی واردات میں ملوث شخص کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کیا، زیر حراست افراد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 48

اسٹالز کا تفصیلی معائنہ کیا اور نمائش میں پیش کی جانے والی جدید ٹیکنالوجی میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ پنجاب میں پاکستان کی سب سے بڑی سولر نمائش کی میزبانی کی جا رہی ہے، جہاں دنیا کی بہترین ملٹی نیشنل کمپنیز شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس پلیٹ فارم کے ذریعے کنزیومرز اور انڈسٹری کو ایک جگہ اکٹھا کیا جا رہا ہے، جو توانائی کے شعبے کی ترقی کے لیے نہایت اہم قدم ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت بڑھتی ہوئی توانائی کی ضروریات کا سامنا کر رہا ہے اور اس صورتحال میں صاف اور پائیدار توانائی ہی مستقبل کا راستہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں شمسی توانائی کے فروغ کے لیے بے پناہ صلاحیت موجود ہے، جس سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ ''سولر پاکستان 2026'' جدید، سستی اور متبادل توانائی کے حل کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گی۔انہوں نے بتایا کہ حکومت کنزیومر پروٹیکشن قوانین متعارف کرانے پر بھی کام کر رہی ہے تاکہ صارفین کے حقوق کا بہتر تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔صوبائی وزیر توانائی نے ''سولر پاکستان'' کے منتظمین اور تمام اسٹیک ہولڈرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ یہ نمائش پاکستان میں قابل تجدید توانائی کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگی۔افتتاحی تقریب میں فیکٹ ایگزیبیشنز کے سی ای او سلیم خان تنولی سمیت توانائی کے شعبے سے وابستہ اہم شخصیات، صنعتکاروں اور ماہرین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

بقیہ 49

کچہریوں میں شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کے لئے اپنی شکایات پیش کیں۔ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔شہریوں کو ہر ممکن ریلیف مہیا کرنا اولین ترجیح ہے۔قانون کی بالادستی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں۔تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کیے جائیں گے۔شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے۔

بقیہ 50

دارالحکومت میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔اس سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی، تھانہ سنبل، تھانہ انڈسٹریل ایریا، تھانہ کھنہ، تھانہ کورال، تھانہ نیلور، تھانہ شہزاد ٹاؤن اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے 13 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1,020 گرام افیون، 880 گرام چرس، 385 گرام آئس اور مختلف بور کے آٹھ عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 51

کی قیمت 4 روپے تک بڑھی۔گزشتہ ہفتے کے دوران دہی، دال مونگ، گھی کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا۔کپڑے اور صابن بھی مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ایک ہفتے کے دوران ڈیزل 134 روپے 58 پیسے اور پیٹرول 12 روپے فی لیٹر سستا ہوا۔ایل پی جی گھریلو سلنڈر کی قیمت بھی 230 روپے 52 پیسے کم ہوگئی۔چکن فی کلو 45 روپے، گندم کا 20 کلو آٹے کا تھیلا 72 روپے تک سستا ہوا۔دال ماش، جلانے کی لکڑی، گڑ، چینی، لہسن، پیاز اور کیلے بھی سستی ہونے والی اشیا میں شامل۔چاول سمیت 17 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں

بقیہ 52

حصول کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا تاکہ وہ مستقبل میں دیگر شہریوں، لائسنس امیدواروں اور روڈ یوزرز کو بھی ذمہ دار شہری ہونے کا شعور دے سکیں۔

بقیہ 53

کو ترجیح دی ہے، اور حالیہ حالات میں بھی یہی پالیسی دنیا کے سامنے واضح طور پر سامنے آئی ہے۔اگر آج دنیا ایک بڑے تصادم سے محفوظ ہے اور کشیدگی میں کمی کی امید پیدا ہوئی ہے تو اس میں پاکستان کی سفارتی کوششوں اور ذمہ دارانہ کردار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔بدقسمتی سے بھارت مسلسل پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا کر رہا ہے، جو دراصل اس کی بوکھلاہٹ اور ناکامی کا ثبوت ہے۔حقیقت یہ ہے کہ عالمی برادری اب پاکستان کے امن پسند کردار کو تسلیم کر رہی ہے، اور بے بنیاد الزامات کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہی۔ہم بھارت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ حقیقت کو تسلیم کرے، خطے میں امن کے قیام کے لیے مثبت کردار ادا کرے اور پاکستان کے خلاف منفی مہم بند کرے۔پاکستان ایک ذمہ دار، پرامن اور باوقار ریاست ہے، اور اس کی عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی پذیرائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عزت اور مقام اللہ کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔پاکستان نے ایک بار پھر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے مفادات کا محافظ ہے بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔

بقیہ 54

بھی متعارف کرایا گیا، لانچ کے ابتدائی 24 گھنٹوں کے اندر سپیس ایکس (وین این ٹی ایل) پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ والیوم کے لحاظ سے تیسرا بڑا نیا ٹریڈ فائی اثاثہ بن گیا۔بنگ ایکس نے سپیس ایکس پری آئی پی او آر ڈبلیو اے کے لیے ایک خصوصی ایئرڈراپ ایونٹ بھی متعارف کرایا ہے، جس میں نئے صارفین کے لیے منظم انعامات اور وی آئی پی ممبرز کے لیے خصوصی فوائد شامل ہیں، اس کے علاوہ بنگ ایکس، ایکس پوسٹیکنگ 21 اپریل 2026 سے دستیاب ہوگی جو صارفین کو مزید مستحکم منافع کے مواقع فراہم کرے گی۔بنگ ایکس کے ترجمان پابلوموٹی نے کہا کہ سپیس ایکس ایک ایسا ہائی انٹرسٹ اثاثہ ہے جس تک صارفین کی ماضی میں رسائی حاصل نہیں تھی، یہ لانچ نہ صرف ہماری ٹریڈ فائی پیشکش کو وسعت دیتا ہے بلکہ کرپٹو مارکیٹ میں تیزی سے ترقی کرنے والے مواقع تک رسائی فراہم کر کے خلا کو بھی پر کرتا ہے۔

بقیہ 55

ملک اور کمیٹی کے دیگر عہدیداران کے ساتھ میٹنگ کی۔انہوں نے صدر زون میں ADRC کے فعال کردار کے حوالے سے مشاورت کی اور متعلقہ عہدیداروں کو ہدایات جاری کیں۔اس موقع پر ایس پی انڈسٹریل ایریا نے کمیٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ عوامی مسائل کو خوش اسلوبی، شفافیت اور غیر جانبداری کے ساتھ حل کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ مصالحتی نظام کے موثر نفاذ سے نہ صرف عدالتی بوجھ میں کمی آئے گی بلکہ شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو بھی مزید مضبوطی ملے گی۔اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ اور شہریوں کو فوری انصاف کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ 56

کار لاتے ہوئے گرفتار کیا۔ایس پی راول سعد ارشد نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ 57

ہونے کیلئے جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں۔متاثرہ خاتون نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے تحفظ دینے کی اپیل کی ہے۔

بقیہ 58

کے مطابق نیلا گنبد اور موچی گیٹ کے منصوبوں کو 100 فیصد فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں جبکہ باقی 20 منصوبے فنڈز کی کمی اور سست روی کا شکار ہیں۔دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ سست ترین منصوبوں میں انارکلی ایریا، تاریخی ٹریل اور مال روڈ کی بحالی شامل ہیں، جہاں فنڈز جاری ہونے کے باوجود خرچ نہ ہونے کے برابر ہے۔اسی طرح دہلی گیٹ تا اکبری گیٹ سپائس مارکیٹ کی بحالی کا منصوبہ ایک ارب 54 لاکھ روپے کی لاگت سے جاری ہے لیکن اس کی رفتار بھی سست ہے، جبکہ شاہدرہ کمپلیکس کی بحالی کے پہلے فیز کیلئے 13 کروڑ روپے کے فنڈز کے باوجود کام تیزی نہ پکڑ سکا۔لاہور قلعہ کے اضافی کاموں کے لئے 10 کروڑ روپے اور پرانی قلعہ بند دیوار کی بحالی کے لئے 30 کروڑ روپے جاری ہونے کے باوجود پیشرفت سست ہے جبکہ شالیمار باغ کی بحالی بھی 20 کروڑ روپے کے فنڈز کے باوجود تاخیر کا شکار ہے۔دوسری جانب انارکلی، جین مندر، پان گلی اور بخشی مارکیٹ کی بحالی کے لئے 50 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں تاہم صرف ایک کروڑ جاری ہونے کے باعث کام تقریباً بند ہو چکا ہے۔پرانے اسٹیم پمپ ہاؤس (پانی والا تالاب) کی بحالی 6 کروڑ روپے سے جاری ہے مگر سست روی کا شکار ہے جبکہ ٹولنٹن مارکیٹ کے قریب زیر زمین پارکنگ منصوبہ 20 کروڑ کے فنڈز کے باوجود آگے نہ بڑھ سکا۔نیلا گنبد ایریا کی اپ لفٹنگ اور زیر زمین پلازہ کیلئے ایک ارب 26 کروڑ روپے سے کام تیزی سے جاری ہے، جبکہ اندرون شہر میں زیر زمین بجلی و ٹیلی کام سسٹم کیلئے 90 کروڑ میں سے صرف 5 کروڑ خرچ ہونے کے بعد کام سست پڑ گیا ہے۔سیوریج، ڈرینج، واٹر سپلائی اور سڑکوں کی بہتری کیلئے 80 کروڑ روپے کے فنڈز کے باوجود کام شروع نہ ہو سکا جبکہ تاریخی ٹریل پر عمارتوں کے فرنٹ کی بحالی کیلئے 50 کروڑ میں سے صرف 5 کروڑ جاری ہونے کے بعد منصوبہ تقریباً بند ہے۔علاوہ ازیں تاریخی عمارتوں اور حویلیوں کی بحالی اور سیاحت کے فروغ کیلئے 80 کروڑ روپے کے فنڈز تاحال جاری نہیں کیے گئے، جبکہ مال روڈ، نیلا گنبد، کنگ ایڈورڈ اور پاک ٹی ہاؤس کی بحالی کیلئے 10 کروڑ میں سے 3 کروڑ ملنے کے بعد کام رک گیا ہے۔ناصر باغ، پنجاب یونیورسٹی اور جی سی یو کے اطراف کی بہتری کیلئے 5 کروڑ روپے ناکافی قرار دیئے جا رہے ہیں

بقیہ 59

آگاہی فراہم کی گئی اس موقع پر منتخب ہونے والے افسران نے محنت لگن اور ایمانداری سے خدمات انجام دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ترجمان سیف سٹی نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں میرٹ، خواتین اور اقلیتی کوٹہ کے تحت بھرتی کا عمل جدید، شفاف اور مکمل طور پر اصولی بنیادوں پر مبنی طریقے سے مکمل کیا گیا میرٹ پر تحریری امتحان اور انٹرویو کے بعد 247 امیدواروں کا انتخاب مکمل کیا گیا ہے۔

بقیہ 60

بروقت نشاندہی وانکے گرد گھیرا تنگ کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔پکار 15 پر موصول ہونے والی کالز کے جائے وقوعہ پر افسران کے ایرویچ ٹائم کو کم سے کم کرنے اور پکار 15 کوالٹی انشورنس ڈیسک کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے بھی ڈائریکشنز دی گئیں۔

بقیہ 61

مجموعی سٹریٹجک اہداف کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ستھرا پنجاب ایجنسی جہلم کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صفائی کے اہداف میں پیشرفت کو سراہا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شہری صاف ستھرے ماحول کو برقرار رکھنے کے لیے ضلعی انتظامیہ کی کوششوں کا ساتھ دیں۔مقررہ مقاصد کے حصول اور تمام رہائشیوں اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک صحتمند معاشرے کی فراہمی کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اتھارٹی ماڈل کے تحت مانیٹرنگ کا نظام ضلع سطح پر منتقل ہونے سے دنیا کے صفائی کے سب سے بڑے نظام کی افادیت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 62

مطابق پاکستان کا 7.2 ارب ڈالر کا پروگرام معاشی استحکام اور اصلاحات پر مرکوز ہے، تیل کی قیمتوں میں اضافے سے معیشت اور مہنگائی پر مزید دباؤ پڑنے کا امکان ہے۔تیل کی قیمتوں میں 10 فیصد اضافہ معیشت کو نقصان اور مہنگائی میں اضافہ کر سکتا ہے۔آئی ایم ایف کے مطابق خلیجی ممالک سے تیل اور ترسیلات زر پر زیادہ انحصار پاکستان کیلئے خطرات ہیں، جنگ طویل ہونے کی صورت میں تجارت اور ترسیلات زر متاثر ہو سکتی ہیں۔

بقیہ 63

سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔اس ضمن میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی سپرویژن میں زونل ایس پیز کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشنز کیے گئے۔سرچ آپریشن کے دوران 712 افراد، 1,108 گھرانوں، 182 دکانیں، 381 موٹر سائیکلوں اور 141 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 20 افغان شہریوں سمیت 76 مشکوک افراد، دو گاڑیاں اور 47 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کے لئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔مزید براں غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے مختلف بور کے چار عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے

تحصیلدار و اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود کے سبزی و فروٹ بازار کا اچانک دورے

انچارج انکروچمنٹ شاہد حمید کو معطل کر دیا

سرکاری نرخوں پر اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش کی فروخت کرنے والے دکانداروں کو جرمانے عائد کیے گئے

اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ نے چوہدری شفقت محمود نے خود موقع پر کھڑے ہو کر سرکاری نرخوں پر پھلوں اور سبزیوں کی فروخت کروائی

فتح جنگ (نمائندہ خصوصی) تحصیلدار و اسپیشل مجسٹریٹ فتح جنگ چوہدری شفقت محمود نے روزمرہ کی چیکنگ کے دوران ریٹ لسٹ آویزاں نہ کرانے اور ریڑھی بانوں سے ملی بھگت کرنے پر انچارج انکروچمنٹ شاہد حمید کو موقع پر معطل کر دیا اور اس کی (بقیہ نمبر 31)

والد کی ڈانٹ سے دلبرداشتہ نوجوان نے خودکشی کر لی

بیس سالہ مستقیم کو اس کے والد نے کسی وجہ سے ڈانٹا تھا

لاہور (این این آئی) تھانہ بھاٹی گیٹ کی حدود بازار حکیماں والا میں نوجوان نے اپنے ہاتھوں سے زندگی کا خاتمہ کر لیا۔ پولیس کے مطابق 20 سالہ مستقیم طالب نے گلے میں پھندا ڈال کر اپنی زندگی کا خاتمہ کیا۔ بتایا گیا ہے مستقیم کو گزشتہ رات اس کے والد طالب حسین نے ڈانٹا تھا جس سے دلبرداشتہ ہو کر اس نے گلے میں پھندا ڈال کر اپنی زندگی (بقیہ نمبر 32)

9 ملزمان گرفتار، 27 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 9 ملزمان گرفتار کر کے 27 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر کے 27 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کیخلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، نیوٹاؤن، سٹی، صادق آباد، چکلالہ، ٹیکسلا، واہ (بقیہ نمبر 33)

برٹش ہائی کمیشن لاہور سربراہ بین ویرنگٹن بادشاہی مسجد کے دورے کے دوران اسلامی تبرکات کا مشاہدہ کر رہے ہیں

قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں 3 مجرمان کو عمر قید و جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث قتل، اقدام قتل اور ضرر کے مقدمہ میں 3 مجرمان کو مجموعی طور پر عمر قید، 14 سال قید، 8 لاکھ روپے ہرجانے، 1 لاکھ روپے جرمانے اور 25 ہزار روپے ضمان کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے مجرم بلال کو قتل کے جرم میں عمر قید اور 4 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم نثار کو قتل کے جرم میں عمر قید اور 4 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنائی گئی، مجرم وقار کو اقدام قتل (بقیہ نمبر 34)

پن بجلی پیداوار میں اضافے سے لوڈ شیڈنگ میں کمی ہوئی ہے

پانی کے اخراج میں اضافے سے پن بجلی پیداوار میں 2300 میگاواٹ بڑھی

لاہور (این این آئی) پاور ڈویژن نے دعویٰ کیا ہے کہ پن بجلی کی پیداوار میں اضافہ کے ساتھ لوڈ شیڈنگ میں کمی ہوئی ہے۔ بیان کے مطابق پانی کے اخراج میں اضافے سے اتوار کی رات پن بجلی پیداوار میں 2300 میگاواٹ بڑھی، گزشتہ رات لوڈ مینجمنٹ کا (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، 4 منشیات سپلائر گرفتار، 6 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 6 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کی، جاتلی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 600 گرام چرس برآمد کی، نصیر آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 (بقیہ نمبر 37)

ذوالقعدہ کا چاند (آج) نظر آنے کے روشن امکانات ہیں' سپارکو

18 اپریل کو غروبِ آفتاب کے وقت چاند کی عمر 26 گھنٹے سے زائد ہوگی' ترجمان

لاہور (این این آئی) ماہِ ذوالقعدہ 1447 ہجری کا چاند آج ہفتہ 18 اپریل کو نظر آنے کے قوی امکانات ہیں۔ ترجمان سپارکو کے مطابق نئے چاند کی پیدائش 17 اپریل کو 16:52 پر متوقع ہے جبکہ 18 اپریل کو غروبِ آفتاب کے وقت چاند کی عمر 26 گھنٹے سے زائد ہوگی۔ سپارکو کے مطابق ساحلی علاقوں میں غروبِ آفتاب اور غروبِ ماہتاب کے (بقیہ نمبر 36)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خالد محمود ہمدانی راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کے ہمراہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آر پی او راولپنڈی کا کمشنر راولپنڈی کے ہمراہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

اجلاس میں آر پی او اور کمشنر نے شرکاء کے مسائل کا براہ راست جائزہ، فوری اور مؤثر حل کی یقین دہانی کرائی

شہر بھر میں مساجد، امام بارگاہوں اور حساس مقامات پر مربوط اور سخت سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (این ای این) آر پی او راولپنڈی ریجن سید خالد محمود ہمدانی نے کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر عامر خٹک کے ہمراہ پولیس لائن ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس کا انعقاد کیا جس میں امن و امان اور سکیورٹی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں آر پی (بقیہ نمبر 38)

ممبر کسٹمز سید شکیل شاہ، کلیکٹر کسٹمز آفیسران کا لاہور چیمبر کا دورہ

فیس لیس کسٹمز سے شفافیت میں بہتری آئی، ڈیکلئر ڈ ویلیو میں 20 فیصد اضافہ ہوا

لاہور (این این آئی) ممبر کسٹمز آپریشنز سید شکیل شاہ نے کہا ہے کہ ایف بی آر میں جاری اکنامک ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت تاجر برادری کو جلد مثبت تبدیلیاں نظر آئیں گی، ''فیس لیس کسٹمز'' نظام سے شفافیت میں اضافہ ہوا ہے اور ڈیکلئرڈ ویلیو میں تقریباً 20 فیصد اضافہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کمپلائنس بہتر ہوئی ہے، پاکستان سنگل ونڈو جیسے اقدامات سے کاروباری لاگت کم ہو رہی ہے اور نظام کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے، انہوں نے واضح کیا کہ (بقیہ نمبر 39)

سب انسپکٹر وقاص احمد نے ڈگری حاصل کر لی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر وقاص احمد نے بیجنگ، چین کی پیپلز پبلک سکیورٹی یونیورسٹی آف چائنا میں ماسٹرز ڈگری پروگرام برائے انٹرنیشنل لا انفورسمنٹ آفیسرز 2025 کے سمسٹر امتحان میں مجموعی طور پر تیسری پوزیشن حاصل کی، شاندار کارکردگی پر یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے تعریفی سرٹیفکیٹ سے (بقیہ نمبر 40)

پنجاب پولیس کو چوتھے کوارٹر کا 44 ارب روپے بجٹ جاری

اگلے ماہ میں پولیس بجٹ میں استعمال نہ ہونیوالے فنڈز سرنڈر کیے جائیں گے

لاہور (این ای این) حکومت پنجاب نے پنجاب پولیس کو چوتھے کوارٹر کا بجٹ جاری کر دیا جس میں مہنگائی کے باعث کٹ بھی لگایا گیا ہے۔ پنجاب پولیس کو چوتھے کوارٹر کا 44 ارب کا بجٹ جاری کیا گیا ہے، مہنگائی کے باعث پنجاب پولیس کو 6 ارب کا کٹ لگا، رواں مالی سال کے 2 سو ارب کے بجٹ میں سے 194 کا بجٹ جاری کیا گیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے بتایا کہ چوتھے کوارٹر کے سب سے زیادہ پیسے سی سی پی او لاہور کو 7 ارب (بقیہ نمبر 41)

مستحق و ضرورت مند افراد میں قرض حسنہ کے چیکس تقسیم

اسلام آباد (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن گجرات کے زیر اہتمام مستحق اور ضرورت مند افراد میں چھوٹے کاروبار کے آغاز اور استحکام کے لیے قرض حسنہ کے چیکس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد کی گئی جس کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی پنجاب ڈاکٹر طارق سلیم تھے، اس موقع پر امیر جماعت اسلامی گجرات چوہدری انصر محمود، الخدمت فاؤنڈیشن گجرات کے صدر خالد محمود ثاقب، سیکرٹری جنرل الخدمت چوہدری نعیم شہباز بھی موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت (بقیہ نمبر 43)

پنجاب میں رواں سال اب تک 16 ڈینگی کیسز رپورٹ

جس گھر سے بھی ڈینگی کا لاروا برآمد ہوا وہاں پر ریڈ سٹیکر لگایا جائے گا' خواجہ عمران نذیر

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت پنجاب بھر میں ڈینگی کیسز سامنے آ رہے ہیں، رواں سال پنجاب میں اب تک 16 ڈینگی کیسز رپورٹ ہوئے جبکہ شہر میں ملیریا کے مریض بھی رپورٹ ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں رواں سال اب تک ڈینگی کے 3 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں رواں سال ڈینگی وائرس میں اضافے کا امکان (بقیہ نمبر 42)

موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ

فائرنگ کے دوران خطرناک و مطلوب ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل، اسلحہ برآمد

سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او کینٹ اور آر اے بازار پولیس ٹیم کو شاباش دی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ آر اے بازار کے علاقے میں موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران خطرناک و مطلوب ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر کے شہری سے گن پوائنٹ پر چھینا گیا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ آر اے بازار کے علاقے میں رات گئے موٹر سائیکل سوار 2 ڈاکوؤں کی پولیس پارٹی پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران خطرناک و مطلوب ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، ساتھی فرار، چند روز قبل تھانہ ریس کورس کے علاقے سے شہری سے گن پوائنٹ (بقیہ نمبر 44)

لوڈر وین اور رکشہ میں تصادم، ایک مسافر جاں بحق، خواتین سمیت چھ زخمی

نارووال (این این آئی) لوڈر وین اور رکشہ میں تصادم کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق اور پانچ خواتین سمیت چھ مسافر زخمی ہو گئے۔ بتایا گیا ہے کہ جاجو والا اسٹاپ نیو لاہور روڈ پر ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا جہاں ایک اوور لوڈڈ لوڈر پک اپ جس پر بھینس لوڈ تھی، سڑک پر موجود گڑھے سے ٹکرانے کے باعث بے قابو ہو کر سامنے سے آنے والے مسافر رکشہ سے ٹکرا گئی۔ جس کے نتیجہ میں ایک مسافر جاں بحق اور چھ (بقیہ نمبر 45)

سی ٹی او اسلام آباد کی زیر نگرانی اسلام آباد ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ کی جانب سے ''والنٹیئر اِن پولیس سروسز'' (VIPS) پروگرام میں لیکچر دیا جا رہا ہے

ڈی جی سیف سٹی / ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ موٹروے پولیس، اسلام آباد اور راولپنڈی ٹریفک پولیس اور پنجاب ہائی وے پٹرول کے افسران سے میٹنگ کر رہے ہیں

بائی پاس پر گندا پانی جمع، بیماریوں کا خطرہ، شہری پریشان

جس سے کندھ کوٹ کے مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ بائی پاس کے قریب نکاسی آب کا نظام ناکارہ ہونے کے باعث گندا پانی آبادی کے گھروں کے قریب جمع ہو گیا ہے، جس سے علاقے کے مکین شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ مقامی رہائشیوں کے مطابق کھڑا گندا پانی تعفن اور بدبو کا باعث بن رہا ہے، جس سے دن رات سکون متاثر ہو رہا ہے، جبکہ مچھروں کی افزائش (بقیہ نمبر 46)

سنگین وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 3 ارکان گرفتار

4 مسروقہ موٹر سائیکل، موٹر سائیکل کے پارٹس اور چھینی گئی رقم 10 ہزار 500 روپے برآمد

راولپنڈی (این ای این) راول ڈویژن پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 3 ارکان گرفتار کر کے 4 مسروقہ موٹر سائیکل، موٹر سائیکل کے پارٹس اور چھینی گئی رقم 10 ہزار 500 روپے برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق راول ڈویژن پولیس نے سٹریٹ کرائم اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 2 گینگز کے 3 ارکان کو گرفتار کر لیا، زیر (بقیہ نمبر 47)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے نمازِ جمعہ کے موقع پر مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

وزیر توانائی نے ''سولر پاکستان 2026'' نمائش کا افتتاح کر دیا

پنجاب میں پاکستان کی سب سے بڑی سولر نمائش کی میزبانی کی جا رہی ہے

سولر پاکستان نمائش میں دنیا کی بہترین ملٹی نیشنل کمپنیز شریک ہیں، ملک فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی ملک فیصل ایوب کھوکھر نے لاہور میں منعقدہ تین روزہ بین الاقوامی نمائش ''سولر پاکستان 2026'' کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ یہ اہم نمائش 17 سے 19 اپریل تک جاری رہے گی جس میں دنیا بھر سے توانائی کے شعبے سے وابستہ نمایاں کمپنیوں اور ماہرین کی بھرپور شرکت دیکھنے میں آ رہی ہے۔ نمائش میں 10 مختلف ممالک کی 400 سے زائد کمپنیوں نے شرکت کی ہے، جو جدید ترین شمسی توانائی ٹیکنالوجیز، مصنوعات اور حل پیش کر رہی ہیں۔ افتتاح کے بعد صوبائی وزیر توانائی نے مختلف (بقیہ نمبر 48)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کی کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو حل کے احکامات جاری کیے

اسلام آباد (این ای این) ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو حل کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی فوری دادرسی کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی (بقیہ نمبر 49)

ایس پی سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین اور ایس ڈی پی او کوہسار نوشیروان احسن منہاس ضلعی انتظامیہ کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد کے حوالے سے مارکیٹوں کو چیک کر رہے ہیں

اسلام آباد، چھ اشتہاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

1,020 گرام افیون، 880 گرام چرس، 385 گرام آئس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث چھ اشتہاریوں سمیت 19 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 1,020 گرام افیون، 880 گرام چرس، 385 گرام آئس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد پولیس کے اسسٹنٹ سب انسپکٹر وقاص احمد نے بیجنگ، چین کی پیپلز پبلک سکیورٹی یونیورسٹی آف چائنا میں ماسٹرز ڈگری پروگرام برائے انٹرنیشنل لا انفورسمنٹ آفیسرز (2025) حاصل کر لی

ہفتہ وار مہنگائی کی شرح میں مسلسل 5 ہفتے اضافے کے بعد کمی ریکارڈ

ملک میں سالانہ بنیادوں پر مہنگائی 12.1 فیصد کی بلند سطح پر برقرار ہے' ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اثرات سامنے آنا شروع ہو گئے، پانچ ہفتوں تک مسلسل اضافے کے بعد ہفتہ وار مہنگائی میں کمی ہو گئی تاہم سالانہ بنیادوں پر مہنگائی اب بھی بلند سطح پر برقرار ہے۔ گزشتہ ہفتے 17 اشیائے ضروریہ سستی جبکہ 17 اشیاء مہنگی ہوئیں۔ ادارہ شماریات کے مطابق گزشتہ ہفتے میں مہنگائی کی شرح میں 0.7 فیصد کمی آئی۔ ٹماٹر کی قیمت میں فی کلو 5 روپے تک اضافہ ہوا۔ فی درجن انڈے 5 روپے 15 پیسے اور تازہ دودھ اڑھائی روپے فی کلو تک مہنگا ہوا۔ مٹن کی قیمت 5 روپے فی کلو اور بریڈ (بقیہ نمبر 51)

''والنٹیئر اِن پولیس سروسز (VIPS)'' پروگرام کا دوبارہ آغاز

طلبہ کو ٹریفک قوانین اور ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این ای این) چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کی زیر نگرانی اسلام آباد ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ کی جانب سے ''والنٹیئر اِن پولیس سروسز'' (VIPS) پروگرام کا دوبارہ آغاز کر دیا گیا۔ اس پروگرام کے تحت تربیتی سیشن میں مختلف جامعات کے طلبہ، بالخصوص SZABIST، ہمدرد یونیورسٹی، قائداعظم یونیورسٹی اور وفاقی اردو یونیورسٹی اسلام آباد کے طلبہ نے شرکت کی۔ طلبہ کو ٹریفک قوانین اور ڈرائیونگ لائسنس کے (بقیہ نمبر 52)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عالمی امن کیلئے عسکری و سویلین قیادت کی مثالی سفارتی کوششیں

بھارتی منفی پروپیگنڈا ناکام ہو گیا عالمی برادری نے پاکستان کے امن پسند اور ذمہ دارانہ موقف کو تسلیم کر لیا

پاکستان عالمی امن کا اہم ستون موجودہ حالات میں ریاست کی حکمتِ عملی قابلِ تحسین ہے، ممتاز تجزیہ نگار شہزاد قریشی

گوجر خان (قمر شہزاد) موجودہ عالمی حالات میں پاکستان نے جس ذمہ داری، دانشمندی اور سنجیدگی کا مظاہرہ کیا ہے، وہ قابلِ تحسین اور ناقابلِ فراموش ہے ان خیالات کا اظہار ممتاز تجزیہ شہزاد قریشی اپنے بیان میں کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ سے لے کر یورپ، مڈل ایسٹ اور دیگر عالمی خطوں تک پاکستان کا مثبت امیج بہتر بنانے میں ہماری عسکری قیادت، بالخصوص آرمی چیف، اور ریاستی اداروں کے ساتھ ساتھ سویلین حکومت، وزیرِ اعظم اور وزیرِ خارجہ نے نہایت اہم اور مؤثر کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ امن، استحکام اور مذاکرات (بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، ایس پی صدر زون کاظم نقوی کی چیئرمین ADRC طیب نواز ملک اور کمیٹی کے دیگر عہدیداران کے ساتھ میٹنگ کے بعد گروپ فوٹو

ایس پی صدر زون کی چیئرمین ADRC کیساتھ میٹنگ

شہریوں کے مصالحتی کمیٹی سے حل طلب مسائل و شکایات پر دادرسی کرنے کی ہدایات جاری

ایس پی صدر زون کاظم نقوی نے چیئرمین ADRC طیب نواز ملک اور کمیٹی کے دیگر عہدیداران کے ساتھ میٹنگ میں شہریوں کے مصالحتی کمیٹی سے حل طلب مسائل و شکایات پر فوری دادرسی کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق سپرنٹنڈنٹ آف پولیس صدر زون کاظم نقوی نے چیئرمین ADRC طیب نواز (بقیہ نمبر 55)

بنگ ایکس کی سپیس ایکس کے اثاثوں میں سرمایہ کاری کی سہولت متعارف

لاہور (این این آئی) معروف کرپٹو کرنسی ایکسچینج بنگ ایکس نے سپیس ایکس کے پری آئی پی او پرپیچوئل فیوچرز لانچ کرنے کا اعلان کیا ہے جس کے ساتھ سپیس ایکس پول ایئر ڈراپ مہم بھی متعارف کرائی گئی ہے۔ جس سے نجی کمپنیوں میں سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف انعامات مل سکیں گے۔ سپیس ایکس پرپیچوئل فیوچرز کو باضابطہ طور پر لانچ کیا گیا جسے صارفین کی جانب سے فوری اور بھرپور پذیرائی ملی، اس کے بعد سپیس ایکس پری سٹاک (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) پیرودھائی پولیس نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے سابقہ رنجش پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے 3 شہریوں کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ اکتوبر 2025 میں درج کیا گیا تھا، ملزم واردات کے بعد روپوش ہو گیا تھا، پیرودھائی پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے (بقیہ نمبر 56)

جعلی پیر بیوی پر تشدد اور کمرے میں بند کر کے رکھنے کے الزام میں گرفتار

چھپ کر دوسری شادی کرنے پر سوال کیا تو شوہر نے کمرے میں بند کر کے تشدد کیا

اوکاڑہ (این این آئی) اوکاڑہ تھانہ صدر کی حدود میں جعلی پیر کیخلاف بیوی پر مبینہ تشدد کے الزام میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون نے الزام لگایا کہ اس کا شوہر جو کہ جعلی پیر ہے نے چھپ کر جویریہ نامی لڑکی سے دوسری شادی کی اور پوچھنے پر 7 دن تک یرغمال بنا کر رکھا اور تشدد کرتا رہا۔ پولیس کے مطابق ملزم کو حراست میں لینے کے بعد کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ خاتون کے مطابق ملزم کے ساتھی مقدمے سے دستبردار (بقیہ نمبر 57)

لاہور ہیریٹیج بحالی، 20 منصوبے فنڈز کی کمی اور سست روی کا شکار

22 میں سے صرف 2 منصوبوں نیلا گنبد، موچی گیٹ کے منصوبوں کو 100 فیصد فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں

تعمیر و بحالی کے منصوبے تکنیکی، اسی لیے ان کی رفتار سست دکھائی دیتی ہے،، فنڈز کی تقسیم میں کوئی مسئلہ نہیں' سیکرٹری بلدیات

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی کی پولیس آپریشن ہال کے افسران سے میٹنگ کر رہے ہیں

لاہور (این ای این) لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول (لہر) کے تحت اندرونِ شہر اور تاریخی مقامات کی بحالی کیلئے شروع کیے گئے 22 منصوبوں کی تفصیلات سامنے آ گئی ہیں جن میں فنڈز کے اجراء، اخراجات اور پیشرفت کے حوالے سے اہم انکشافات ہوئے ہیں۔ یہ منصوبے اندرون شہر لاہور، سرکلر روڈ لاہور اور مال روڈ لاہور کے تاریخی ورثے کی بحالی کیلئے شروع کیے گئے، تاہم دستاویزات کے مطابق 22 میں سے صرف 2 منصوبوں کو مکمل فنڈنگ حاصل ہو سکی ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 58)

اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی کی افسران سے میٹنگ

جرائم پیشہ عناصر کی بروقت نشاندہی و انکے گرد گھیرا تنگ کرنے کی ہدایات جاری

اسلام آباد (این ای این) اسسٹنٹ ڈائریکٹر سیف سٹی عباس مہدی کی پولیس آپریشن ہال کے افسران سے میٹنگ۔ افسران کو ٹریکر سسٹم کی مدد سے شہر بھر میں ہونیوالی گشت کو مزید مؤثر بنانے، کیمرہ سرویلنس کے عمل کو مزید بہتر کرنے اور جرائم پیشہ عناصر کی (بقیہ نمبر 60)

سیف سٹیز اتھارٹی میں نئے پولیس کمیونیکیشن افسران کا تعارفی سیشن

لاہور (این این آئی) سیف سٹیز اتھارٹی میں نئے پولیس کمیونیکیشن افسران کی بھرتی کا عمل مکمل کر لیا گیا، نئے بھرتی ہونیوالے افسران کا مینجنگ ڈائریکٹر سمیت دیگر حکام کیساتھ تعارفی سیشن منعقد کیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق بھرتی ہونے والے 247 نئے افسران کا مینجنگ ڈائریکٹر، چیف آپریٹنگ آفیسر، دیگر افسران کیساتھ تعارفی سیشن ہوا جہاں نئے افسران کو کامیابی پر مبارکباد دینے کے ساتھ فرائض منصبی سے متعلق (بقیہ نمبر 59)

وزیر بلدیات کا دورہ جہلم، ستھرا پنجاب ایجنسی کی کارکردگی کا جائزہ

مانیٹرنگ کا نظام ضلع سطح پر منتقل ہونے سے صفائی کے نظام کی افادیت میں اضافہ ہوگا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ذیشان رفیق نے جہلم کا دورہ کر کے ضلعی سطح پر قائم کی گئی ستھرا پنجاب ایجنسی کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس میں ہونے والے اجلاس میں ایم این اے چوہدری فرخ الطاف اور ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن بھی موجود تھے۔ اجلاس میں صفائی کے جاری منصوبوں اور ضلع کیلئے (بقیہ نمبر 61)

مشرق وسطی جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف نے مشرق وسطی جنگ کے باعث پاکستانی معاشی ترقی کی شرح میں کمی کا خدشہ ظاہر کر دیا۔ آئی ایم ایف کی ریجنل اکنامک آؤٹ لک رپورٹ کے مطابق مشرق وسطی جنگ کے باعث پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ میں تقریباً 0.6 فیصد تک کمی ہو سکتی ہے۔ پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ اور مالی خسارے پر منفی اثرات پڑنے کا خدشہ ہے، کرنٹ اکاؤنٹ تقریباً 0.3 فیصد تک متاثر ہو سکتا ہے۔ رپورٹ کے (بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، ڈی جی سیف سٹی / ڈی آئی جی ٹریفک محمد ہارون جوئیہ کی سیف سٹی توسیع پروجیکٹ کے حوالے سے اہم میٹنگ کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشن

20 افغان شہریوں سمیت 76 مشکوک افراد، دو گاڑیاں، 47 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل

پولیس ٹیموں نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد پولیس نے گرینڈ سرچ اور کومنگ آپریشنز کے دوران 20 افغان شہریوں سمیت 76 مشکوک افراد، دو گاڑیاں اور 47 موٹر سائیکل جانچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل کیے جبکہ پولیس ٹیموں نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ملزمان کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی (بقیہ نمبر 63)

حنا پرویز بٹ کی خاتون محتسب پنجاب سے ملاقات

فوری انصاف اور ہراسانی کے خلاف اقدامات پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن حنا پرویز بٹ، پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی نے خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجمہ افضل خان سے ملاقات کی، جس میں خواتین کے تحفظ اور ان کے حقوق سے متعلق اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران حنا پرویز بٹ نے ڈاکٹر نجمہ افضل خان کو صوبائی محتسب کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ خاتون محتسب پنجاب ڈاکٹر نجمہ افضل خان اور حنا پرویز بٹ نے خواتین کو ہراسانی سے بچاؤ، فوری انصاف کی فراہمی اور ادارہ جاتی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق کیا۔ اس موقع پر حنا پرویز بٹ کا کہنا تھا کہ خواتین کو ہراسانی سے تحفظ دینا اور ان کے حقوق کا دفاع کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔